وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَآ اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ ۙ

وَمَنْ	يَّقْنُتْ	مِنْكُنَّ	لِلّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَتَعْمَلْ	صَالِحًا	نُّؤْتِهَآ	اَجْرَهَا	مَرَّتَيْنِ
اور جو	اطاعت کرے	تم میں سے	اللہ کی	اور اس کا رسول	اور عمل کرے	نیک	ہم دیں گے اس کو	اس کا اجر	دوہرا

اور تم میں سے جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے اور نیک عمل کرے ہم اسے اس کا دوہرا اجر دیں گے

وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيْمًا ﴿۳۱﴾ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ

وَاَعْتَدْنَا	لَهَا	رِزْقًا كَرِيْمًا	يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ	لَسْتُنَّ	كَاَحَدٍ	مِّنَ النِّسَآءِ	اِنِ
اور ہم نے تیار کیا	اسکے لئے	عزت کا رزق	اے نبیؐ کی بیبیو!	نہیں ہو تم	کسی ایک کی طرح	عورتوں میں سے	اگر

اور ہم نے اس کے لئے عزت کا رزق تیار کیا ہے۔ اے نبیؐ کی بیبیو! عورتوں میں سے تم کسی ایک کی طرح (بھی) نہیں ہو، اگر

اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا

اتَّقَيْتُنَّ	فَلَا تَخْضَعْنَ	بِالْقَوْلِ	فَيَطْمَعَ	الَّذِيْ	فِيْ قَلْبِهٖ	مَرَضٌ	وَّقُلْنَ	قَوْلًا
تم پرہیزگاری کرو	تو ملائمت نہ کرو	گفتگو میں	کہ لالچ کرے	وہ جو	اس کے دل میں	روگ (کھوٹ)	اور بات کرو تم	بات

تم پرہیزگاری اختیار کرو تو گفتگو میں ملائمت نہ کرو کہ جس کے دل میں کھوٹ ہے وہ لالچ (خیال فاسد) کرے اور تم بات کرو

مَّعْرُوْفًا ﴿۳۲﴾ وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى وَ

مَّعْرُوْفًا	وَقَرْنَ	فِيْ بُيُوْتِكُنَّ	وَلَا تَبَرَّجْنَ	تَبَرُّجَ	الْجَاهِلِيَّةِ	الْاُوْلٰى	وَ
اچھی (معقول)	اور قرار پکڑو	اپنے گھروں میں	اور بناؤ سنگھار کا اظہار کرتی نہ پھرو	بناؤ سنگھار	زمانۂ جاہلیت	اگلا	اور

معقول بات۔ اور اپنے گھروں میں قرار پکڑو، اور اگلے زمانۂ جاہلیت کے بناؤ سنگھار کا اظہار کرتی نہ پھرو، اور

اَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ

اَقِمْنَ	الصَّلٰوةَ	وَاٰتِيْنَ	الزَّكٰوةَ	وَاَطِعْنَ	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	اِنَّمَا	يُرِيْدُ اللّٰهُ
قائم کرو	نماز	اور دیتی رہو	زکوٰۃ	اور اطاعت کرو	اللہ	اور اس کا رسول	اسکے سوا نہیں	اللہ چاہتا ہے

نماز قائم کرو، اور زکوٰۃ دیتی رہو، اور اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرو، اس کے سوا نہیں کہ اللہ چاہتا ہے

لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ﴿۳۳﴾ وَاذْكُرْنَ

لِيُذْهِبَ	عَنْكُمُ	الرِّجْسَ	اَهْلَ الْبَيْتِ	وَيُطَهِّرَكُمْ	تَطْهِيْرًا	وَاذْكُرْنَ
کہ دور فرما دے	تم سے	آلودگی	اے اہل بیت	اور تمہیں پاک و صاف رکھے	خوب پاک	اور تم یاد رکھو

اے اہل بیت! کہ وہ تم سے آلودگی دُور فرما دے، اور تمہیں خوب (ہر طرح سے) پاک و صاف رکھے۔ اور تم یاد رکھو

مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا

مَا يُتْلٰى	فِيْ	بُيُوْتِكُنَّ	مِنْ	اٰيٰتِ اللّٰهِ	وَالْحِكْمَةِ	اِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	لَطِيْفًا
جو پڑھا جاتا ہے	میں	تمہارے گھر (جمع)	سے	اللہ کی آیتیں	اور حکمت	بیشک اللہ	ہے	باریک بین

جو تمہارے گھروں میں اللہ کی آیتیں اور حکمت (دانائی کی باتیں) پڑھی جاتی ہیں ، بیشک اللہ باریک بین ،

خَبِيْرًا ۟ ع اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِيْنَ

خَبِيْرًا	اِنَّ	الْمُسْلِمِيْنَ	وَالْمُسْلِمٰتِ	وَالْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ	وَالْقٰنِتِيْنَ
باخبر	بیشک	مسلمان مرد	اور مسلمان عورتیں	اور مومن مرد	اور مومن عورتیں	اور فرماں بردار مرد

باخبر ہے ۔ بے شک مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں ، اور مومن مرد اور مومن عورتیں ، اور فرماں بردار مرد

وَالْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰبِرٰتِ وَالْخٰشِعِيْنَ

وَالْقٰنِتٰتِ	وَالصّٰدِقِيْنَ	وَالصّٰدِقٰتِ	وَالصّٰبِرِيْنَ	وَالصّٰبِرٰتِ	وَالْخٰشِعِيْنَ
اور فرماں بردار عورتیں	اور راست گو مرد	اور راست گو عورتیں	اور صبر کرنے والے مرد	اور صبر کرنے والی عورتیں	اور عاجزی کرنے والے مرد

اور فرماں بردار عورتیں ، اور راست گو مرد اور راست گو عورتیں ، اور صبر کرنے والے مرد اور صبر کرنے والی عورتیں ، اور عاجزی کرنے والے مرد

وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّآئِمِيْنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ وَالْحٰفِظِيْنَ

وَالْخٰشِعٰتِ	وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ	وَالْمُتَصَدِّقٰتِ	وَالصَّآئِمِيْنَ	وَالصّٰٓئِمٰتِ	وَالْحٰفِظِيْنَ
اور عاجزی کرنے والی عورتیں	اور صدقہ کرنے والے مرد	اور صدقہ کرنے والی عورتیں	اور روزہ رکھنے والے مرد	اور روزہ رکھنے والی عورتیں	اور حفاظت کرنیوالے مرد

اور عاجزی کرنے والی عورتیں ، اور صدقہ (وخیرات) کرنیوالے مرد اور صدقہ (وخیرات) کرنیوالی عورتیں ، اور روزہ رکھنے والے مرد اور روزہ رکھنے والی عورتیں ، اور حفاظت کرنیوالے مرد

فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ ۙ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ

فُرُوْجَهُمْ	وَالْحٰفِظٰتِ	وَالذّٰكِرِيْنَ	اللّٰهَ	كَثِيْرًا	وَالذّٰكِرٰتِ	اَعَدَّ اللّٰهُ	لَهُمْ
اپنی شرمگاہیں	اور حفاظت کرنے والی عورتیں	اور یاد کرنے والے	اللہ	بکثرت	اور یاد کرنیوالی عورتیں	اللہ نے تیار کیا	ان کے لئے

اپنی شرمگاہوں کی ، اور حفاظت کرنے والی عورتیں ، اور اللہ کو بکثرت یاد کرنے والے مرد اور (اللہ کو) یاد کرنیوالی عورتیں ، اللہ نے ان (سب) کے لئے تیار کی ہے

مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۟ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى

مَّغْفِرَةً	وَ	اَجْرًا عَظِيْمًا	وَ مَا كَانَ	لِمُؤْمِنٍ	وَلَا مُؤْمِنَةٍ	اِذَا	قَضَى
بخشش	اور	اجرِ عظیم	اور نہیں ہے	کسی مومن مرد کے لئے	اور نہ کسی مومن عورت کے لئے	جب	فیصلہ کر دیں

بخشش اور اجرِ عظیم ۔ اور (گنجائش) نہیں ہے کسی مومن مرد اور نہ کسی مومن عورت کے لئے ، کہ جب فیصلہ کر دیں

اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ؕ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ

اللّٰهُ	وَرَسُوْلُهٗ	اَمْرًا	اَنْ يَّكُوْنَ	لَهُمُ	الْخِيَرَةُ	مِنْ اَمْرِهِمْ	وَمَنْ	يَّعْصِ	اللّٰهَ
اللہ	اور اس کا رسول	کسی کام کا	کہ (باقی) ہو	انکے لیئے	کوئی اختیار	ان کے کام میں	اور جو	نافرمانی کریگا	اللہ

اللہ اور اس کے رسولؐ کسی کام کا، کہ اُن کے لیئے ان کے کام میں کوئی اختیار باقی ہو، اور جو نافرمانی کرے گا، اللہ

وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ﴿۳۶﴾ وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ

وَرَسُوْلَهٗ	فَقَدْ ضَلَّ	ضَلٰلًا	مُّبِيْنًا	وَاِذْ	تَقُوْلُ	لِلَّذِيْٓ	اَنْعَمَ اللّٰهُ
اور اس کا رسول	تو البتہ وہ گمراہی میں جا پڑا	گمراہی	صریح	اور (یاد کرو) جب	آپؐ فرماتے تھے	اس شخص کو	اللہ نے انعام کیا

اور اس کے رسولؐ کی تو البتہ وہ صریح گمراہی میں جا پڑا۔ اور یاد کرو جب آپؐ اس شخص (زیدؓ بن حارثہ) کو فرماتے تھے جس پر اللہ نے انعام کیا

عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِيْ

عَلَيْهِ	وَاَنْعَمْتَ	عَلَيْهِ	اَمْسِكْ	عَلَيْكَ	زَوْجَكَ	وَاتَّقِ اللّٰهَ	وَتُخْفِيْ
اس پر	اور آپؐ نے انعام کیا	اس پر	روکے رکھ	اپنے پاس	اپنی بیوی	اور ڈر اللہ سے	اور آپؐ چھپاتے تھے

اور آپؐ نے (بھی) اس پر انعام کیا کہ اپنی بیوی (زینبؓ) کو اپنے پاس روکے رکھ اور اللہ سے ڈر، اور آپؐ چھپاتے تھے

فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ؕ

فِيْ نَفْسِكَ	مَا اللّٰهُ	مُبْدِيْهِ	وَتَخْشَى	النَّاسَ	وَاللّٰهُ	اَحَقُّ	اَنْ	تَخْشٰىهُ
اپنے دل میں	جو اللہ	اس کو ظاہر کرنے والا	اور آپ ڈرتے تھے	لوگ	اور اللہ	زیادہ حقدار	کہ	تم اس سے ڈرو

اپنے دل میں وہ (بات) جسے اللہ ظاہر کرنے والا تھا اور آپؐ لوگوں (کے طعن) سے ڈرتے تھے اور اللہ زیادہ حقدار ہے کہ تم اس سے ڈرو

فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ

فَلَمَّا	قَضٰى	زَيْدٌ	مِّنْهَا	وَطَرًا	زَوَّجْنٰكَهَا	لِكَيْ	لَا يَكُوْنَ	عَلَى	الْمُؤْمِنِيْنَ	حَرَجٌ
پھر جب	پوری کر لی	زید	اس سے	اپنی حاجت	ہم نے اسے تمہارے نکاح میں دیدیا	تاکہ	نہ رہے	پر	مومنوں	کوئی تنگی

پھر جب زید نے اس (زینبؓ) سے اپنی حاجت پوری کر لی (طلاق دے دی) تو ہم نے اسے آپؐ کے نکاح میں دے دیا، تاکہ مومنوں پر کوئی تنگی نہ رہے

فِيْٓ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۳۷﴾

فِيْٓ اَزْوَاجِ	اَدْعِيَآئِهِمْ	اِذَا	قَضَوْا	مِنْهُنَّ	وَطَرًا	وَكَانَ	اَمْرُ اللّٰهِ	مَفْعُوْلًا
بیویوں میں	اپنے لے پالک	جب وہ	پوری کر چکیں	ان سے	اپنی حاجت	اور ہے	اللہ کا حکم	ہو کر رہنے والا

اپنے لے پالکوں کی بیویوں (سے نکاح کرنے) میں جب وہ اُن سے اپنی حاجت پوری کر لیں (طلاق دیدیں)، اور اللہ کا حکم (پورا ہوکر) رہنے والا ہے۔

مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ؕ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي

مَا كَانَ	عَلَى النَّبِيِّ	مِنْ حَرَجٍ	فِيمَا	فَرَضَ اللّٰهُ	لَهٗ	سُنَّةَ اللّٰهِ	فِي
نہیں ہے	نبی پر	کوئی حرج	اس میں جو	مقرر کیا اللہ نے	اسکے لئے	اللہ کا دستور	میں

نبی پر اس کام میں کوئی حرج (تنگی) نہیں ہے جو اللہ نے اس کے لئے مقرر کیا اللہ کا (یہی) دستور (رہا ہے) ان میں

الَّذِينَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ؕ وَكَانَ أَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُورًا ۟ۙ ۳۸ الَّذِينَ

الَّذِينَ	خَلَوْا	مِنْ قَبْلُ	وَكَانَ	أَمْرُ اللّٰهِ	قَدَرًا	مَقْدُورًا	الَّذِينَ
وہ جو	گزرے	پہلے	اور ہے	اللہ کا حکم	مقرر کیا ہوا	اندازہ سے	وہ جو

جو پہلے گزرے ہیں اور اللہ کا حکم (صحیح) اندازہ سے مقرر کیا ہوا ہے ۔ وہ جو

يُبَلِّغُونَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ أَحَدًا إِلَّا اللّٰهَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيبًا ۳۹

يُبَلِّغُونَ	رِسٰلٰتِ اللّٰهِ	وَيَخْشَوْنَهٗ	وَلَا يَخْشَوْنَ	أَحَدًا	إِلَّا اللّٰهَ	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ	حَسِيبًا
پہنچاتے ہیں	اللہ کے پیغامات	اور اس سے ڈرتے ہیں	اور وہ نہیں ڈرتے	کسی سے	اللہ کے سوا	اور کافی ہے	اللہ	حساب لینے والا

اللہ کے پیغام پہنچاتے ہیں اور وہ اس سے ڈرتے ہیں اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے ، اور اللہ کافی ہے حساب لینے والا۔

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُولَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ

مَا كَانَ	مُحَمَّدٌ	أَبَا	أَحَدٍ	مِنْ رِّجَالِكُمْ	وَلٰكِنْ	رَسُولَ اللّٰهِ	وَخَاتَمَ	النَّبِيّٖنَ
نہیں ہیں	محمدؐ	باپ	کسی کے	تمہارے مردوں میں سے	اور لیکن	اللہ کے رسول	اور مہر	نبیوں

محمدؐ تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ، لیکن وہ اللہ کے رسول اور (سب) نبیوں پر مہر (آخری نبی) ہیں

۵ ع ۲

وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ۴۰ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا

وَكَانَ	اللّٰهُ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيمًا	يٰٓأَيُّهَا	الَّذِينَ اٰمَنُوا	اذْكُرُوا	اللّٰهَ	ذِكْرًا
اور ہے	اللہ	ہر شے کا	جاننے والا	اے	ایمان والو	یاد کرو تم	اللہ	یاد

اور اللہ ہر شے کا جاننے والا ہے ۔ اے ایمان والو ! تم اللہ کو یاد کرو

كَثِيرًا ۴۱ وَّسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَّأَصِيلًا ۴۲ هُوَ الَّذِي يُصَلِّي عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ

كَثِيرًا	وَسَبِّحُوهُ	بُكْرَةً	وَأَصِيلًا	هُوَ الَّذِي	يُصَلِّي	عَلَيْكُمْ	وَمَلٰٓئِكَتُهٗ
بکثرت	اور پاکیزگی بیان کرو اسکی	صبح	اور شام	وہی جو	بھیجتا ہے	تم پر	اور اس کے فرشتے

بکثرت ۔ اور صبح و شام اس کی پاکیزگی بیان کرو ۔ وُہی ہے جو تم پر رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے (بھی)

لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ﴿۴۳﴾ تَحِيَّتُهُمْ

لِيُخْرِجَكُمْ	مِّنَ	الظُّلُمٰتِ	اِلَى النُّوْرِ	وَكَانَ	بِالْمُؤْمِنِيْنَ	رَحِيْمًا	تَحِيَّتُهُمْ
تاکہ وہ تمہیں نکالے	سے	اندھیروں	نور کی طرف	اور ہے	مومنوں پر	مہربان	اُن کی دعا

تاکہ وہ تمہیں اندھیروں سے نور کی طرف نکال لائے ، اور اللہ مومنوں پر مہربان ہے ۔ ان کی دعا

يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ۚۖ وَاَعَدَّ لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا ﴿۴۴﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ

يَوْمَ	يَلْقَوْنَهٗ	سَلٰمٌ	وَاَعَدَّ	لَهُمْ	اَجْرًا	كَرِيْمًا	يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ	اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ
جس دن	وہ ملیں گے اس کو	سلام	اور تیار کیا اس نے	انکے لئے	اجر	بڑا اچھا	اے نبی !	بیشک ہم نے آپ کو بھیجا

جس دن وہ اس کو ملیں گے "سلام" ہوگا ، اور اس نے ان کے لئے بڑا اچھا اجر تیار کیا ہے ۔ اے نبی ! بیشک ہم نے آپ کو بھیجا ہے

شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۴۵﴾ وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ﴿۴۶﴾

شَاهِدًا	وَّمُبَشِّرًا	وَّنَذِيْرًا	وَّدَاعِيًا	اِلَى اللّٰهِ	بِاِذْنِهٖ	وَسِرَاجًا	مُّنِيْرًا
گواہی دینے والا	اور خوشخبری دینے والا	اور ڈر سنانے والا	اور بلانے والا	اللہ کی طرف	اس کے حکم سے	اور چراغ	روشن

گواہی دینے والا ، اور خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانے والا ، اور اس کے حکم سے اللہ کی طرف بلانے والا ، اور روشن چراغ ۔

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ﴿۴۷﴾ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ

وَبَشِّرِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	بِاَنَّ	لَهُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	فَضْلًا	كَبِيْرًا	وَلَا تُطِعِ	الْكٰفِرِيْنَ
اور خوشخبری دیں	مومنوں (جمع)	یہ کہ	انکے لئے	اللہ کی طرف سے	فضل	بڑا	اور کہا نہ مانیں	کافر (جمع)

اور آپ مومنوں کو خوشخبری دیں یہ کہ ان کے لئے اللہ کی طرف سے بڑا فضل ہے ۔ اور آپ کہا نہ مانیں ، کافروں کا ،

وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۴۸﴾ يٰۤاَيُّهَا

وَالْمُنٰفِقِيْنَ	وَدَعْ	اَذٰىهُمْ	وَتَوَكَّلْ	عَلَى اللّٰهِ	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ	وَكِيْلًا	يٰۤاَيُّهَا
اور منافق (جمع)	اور خیال نہ کریں	ان کا ایذا دینا	اور بھروسہ کریں	اللہ پر	اور کافی	اللہ	کارساز	اے

اور منافقوں کا ، اور آپ ان کے ایذا دینے کا خیال نہ کریں ، اور اللہ پر بھروسہ کریں ۔ اور کافی ہے اللہ کارساز ۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا	اِذَا	نَكَحْتُمُ	الْمُؤْمِنٰتِ	ثُمَّ	طَلَّقْتُمُوْهُنَّ	مِنْ قَبْلِ	اَنْ
ایمان والو	جب	تم نکاح کرو	مومن عورتوں	پھر	تم انہیں طلاق دو	پہلے	کہ

ایمان والو ! جب تم مومن عورتوں سے نکاح کرو ، پھر تم انہیں اس سے پہلے طلاق دے دو کہ

تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ

تَمَسُّوْهُنَّ	فَمَا لَكُمْ	عَلَيْهِنَّ	مِنْ عِدَّةٍ	تَعْتَدُّوْنَهَا	فَمَتِّعُوْهُنَّ	وَسَرِّحُوْهُنَّ
تم انہیں ہاتھ لگاؤ	تو نہیں تمہارے لئے	ان پر	کوئی عدت	کہ پوری کراؤ تم اس سے	پس تم انہیں کچھ متاع دو	اور انہیں رخصت کر دو

تم انہیں ہاتھ لگاؤ تو ان پر تمہارا (کوئی حق) نہیں کہ ان کی عدت پوری کراؤ، پس انہیں کچھ متاع دے دو اور رخصت کر دو

سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿۴۹﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْٓ

سَرَاحًا	جَمِيْلًا	يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ	اِنَّآ اَحْلَلْنَا	لَكَ	اَزْوَاجَكَ	الّٰتِيْٓ
رخصت	اچھی طرح	اے نبیؐ!	ہم نے حلال کیں	تمہارے لئے	تمہاری بیبیاں	وہ جو کہ

اچھی طرح رخصت ۔ اے نبیؐ! ہم نے تمہارے لئے حلال کیں تمہاری وہ بیبیاں جن کو

اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَ

اٰتَيْتَ	اُجُوْرَهُنَّ	وَمَا	مَلَكَتْ	يَمِيْنُكَ	مِمَّا	اَفَآءَ اللّٰهُ	عَلَيْكَ	وَ
تم نے دے دیا	اُن کا مہر	اور جو	مالک ہوا	تمہارا دایاں ہاتھ	ان سے جو	اللہ نے ہاتھ لگا دیں	تمہارے	اور

تم نے ان کا مہر دے دیا، اور تمہاری کنیزیں ان میں سے جو اللہ نے (غنیمت میں سے) تمہارے ہاتھ لگا دیں اور

بَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ

بَنٰتِ عَمِّكَ	وَ	بَنٰتِ عَمّٰتِكَ	وَبَنٰتِ خَالِكَ	وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ	الّٰتِيْ
تمہارے چچا کی بیٹیاں	اور	تمہاری پھوپھیوں کی بیٹیاں	اور تمہارے ماموں کی بیٹیاں	اور تمہاری خالاؤں کی بیٹیاں	وہ جنہوں نے

تمہارے چچا کی بیٹیاں، اور تمہاری پھوپھیوں کی بیٹیاں، اور تمہارے ماموں کی بیٹیاں، اور تمہاری خالاؤں کی بیٹیاں، وہ جنہوں نے

هَاجَرْنَ مَعَكَ ۫ وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ

هَاجَرْنَ	مَعَكَ	وَامْرَاَةً	مُّؤْمِنَةً	اِنْ	وَهَبَتْ	نَفْسَهَا	لِلنَّبِيِّ	اِنْ
انہوں نے ہجرت کی	تمہارے ساتھ	اور مومن	عورت	اگر	وہ بخش دے (نذر کر دے)	اپنے آپ کو	نبیؐ کے لئے	اگر

تمہارے ساتھ ہجرت کی، اور وہ مومن عورت جو اپنے آپ کو نبیؐ کی نذر کر دے، اگر

اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا ۗ خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ

اَرَادَ النَّبِيُّ	اَنْ	يَسْتَنْكِحَهَا	خَالِصَةً	لَكَ	مِنْ دُوْنِ	الْمُؤْمِنِيْنَ
چاہے نبیؐ	کہ	اسے نکاح میں لے لے	خاص	تمہارے لئے	علاوہ	مومنوں

نبیؐ اسے نکاح میں لینا چاہے، یہ عام مومنوں کے علاوہ خاص تمہارے لئے ہے،

قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِي أَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ

قَدْ عَلِمْنَا	مَا فَرَضْنَا	عَلَيْهِمْ	فِي	أَزْوَاجِهِمْ	وَمَا	مَلَكَتْ	أَيْمَانُهُمْ
البتہ ہمیں معلوم ہے	جو ہم نے فرض کیا	ان پر	میں	ان کی عورتیں	اور جو	مالک ہوئے ان کے داہنے ہاتھ (کنیزیں)	

البتہ ہمیں معلوم ہے جو ہم نے ان کی عورتوں اور کنیزوں (کے بارے) میں ان پر فرض کیا ہے،

لِكَيْلَا يَكُونَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ۗ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا ﴿٥٠﴾ تُرْجِي مَنْ تَشَاءُ

لِكَيْلَا يَكُونَ	عَلَيْكَ	حَرَجٌ	وَكَانَ	اللَّهُ	غَفُورًا	رَحِيمًا	تُرْجِي	مَنْ تَشَاءُ
تاکہ نہ رہے	تم پر	کوئی تنگی	اور ہے	اللہ	بخشنے والا	مہربان	دُور رکھیں	جس کو آپ چاہیں

تاکہ تم پر کوئی تنگی نہ رہے، اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔ آپ جس کو چاہیں دُور رکھیں

مِنْهُنَّ وَتُؤْوِي إِلَيْكَ مَنْ تَشَاءُ ۖ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ

مِنْهُنَّ	وَتُؤْوِي	إِلَيْكَ	مَنْ تَشَاءُ	وَمَنِ	ابْتَغَيْتَ	مِمَّنْ	عَزَلْتَ	فَلَا جُنَاحَ
ان میں سے	اور پاس رکھیں	اپنے پاس	جسے آپ چاہیں	اور جس کو	آپ طلب کریں	ان میں سے جو	دُور کردیا تھا آپ نے	تو کوئی تنگی نہیں

ان میں سے، اور جسے چاہیں اپنے پاس رکھیں، اور ان میں سے جس کو آپ نے دور کردیا تھا آپ (پھر) طلب کریں تو کوئی تنگی (حرج) نہیں

عَلَيْكَ ۚ ذَٰلِكَ أَدْنَىٰ أَنْ تَقَرَّ أَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَا آتَيْتَهُنَّ

عَلَيْكَ	ذَٰلِكَ أَدْنَىٰ	أَنْ تَقَرَّ	أَعْيُنُهُنَّ	وَلَا يَحْزَنَّ	وَيَرْضَيْنَ	بِمَا آتَيْتَهُنَّ
آپ پر	یہ زیادہ قریب ہے	کہ ٹھنڈی رہیں	ان کی آنکھیں	اور وہ آزردہ نہ ہوں	اور وہ راضی رہیں	اس پر جو آپ نے انہیں دیں

آپ پر، یہ زیادہ قریب ہے کہ (اس سے) اُن کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں اور وہ آزردہ نہ ہوں، اور وہ اس پر راضی رہیں جو آپ انہیں دیں

كُلُّهُنَّ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا فِي قُلُوبِكُمْ ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَلِيمًا ﴿٥١﴾ لَا يَحِلُّ

كُلُّهُنَّ	وَاللَّهُ	يَعْلَمُ	مَا	فِي قُلُوبِكُمْ	وَكَانَ	اللَّهُ	عَلِيمًا	حَلِيمًا	لَا يَحِلُّ
وہ سب کی سب	اور اللہ	جانتا ہے	جو	تمہارے دلوں میں	اور ہے	اللہ	جاننے والا	بُردبار	حلال نہیں

وہ سب کی سب، اور اللہ جانتا ہے، جو تمہارے دلوں میں ہے، اور اللہ جاننے والا بُردبار ہے۔ حلال نہیں

لَكَ النِّسَاءُ مِنْ بَعْدُ وَلَا أَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ أَزْوَاجٍ وَلَوْ أَعْجَبَكَ

لَكَ	النِّسَاءُ	مِنْ بَعْدُ	وَلَا	أَنْ تَبَدَّلَ	بِهِنَّ	مِنْ	أَزْوَاجٍ	وَلَوْ	أَعْجَبَكَ
آپ کے لئے	عورتیں	اس کے بعد	اور نہ	یہ کہ بدل لیں	ان سے	سے (اور)	عورتیں	اگرچہ	آپ کو اچھا لگے

آپ کے لئے اس کے بعد (اور) عورتیں اور نہ یہ کہ آپ اُن سے اور عورتیں بدل لیں، اگرچہ آپ کو اچھا لگے،

۶ ع ۱۲ ۳

حُسْنُهُنَّ اِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيْبًا ﴿۵۲﴾ ع

حُسْنُهُنَّ	اِلَّا	مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ	وَكَانَ	اللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	رَّقِيْبًا
ان کا حسن	سوائے	جس کا مالک ہو تمہارا ہاتھ (کنیزیں)	اور ہے	اللہ	پر	ہر شے	نگہبان

ان کا حسن سوائے آپؐ کی کنیزوں کے، اور اللہ ہر شے پر نگہبان ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّاۤ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ

يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تَدْخُلُوْا	بُيُوْتَ	النَّبِيِّ	اِلَّا	اَنْ	يُّؤْذَنَ	لَكُمْ
اے	ایمان والو	تم نہ داخل ہو	گھر (جمع)	نبیؐ	سوائے	یہ کہ	اجازت دی جائے	تمہارے لئے

اے ایمان والو! تم نبیؐ کے گھروں میں داخل نہ ہو، سوائے اس کے کہ تمہیں اجازت دی جائے

اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ ۙ وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ

اِلٰى	طَعَامٍ	غَيْرَ نٰظِرِيْنَ	اِنٰىهُ	وَلٰكِنْ	اِذَا	دُعِيْتُمْ	فَادْخُلُوْا	فَاِذَا	طَعِمْتُمْ
طرف (لئے)	کھانا	نہ راہ تکو	اس کا پکنا	اور لیکن	جب	تمہیں بلایا جائے	تو تم داخل ہو	پھر جب	تم کھا لو

کھانے کے لئے، اس کے پکنے کی راہ نہ تکو، لیکن جب تمہیں بلایا جائے تو تم داخل ہو، پھر جب تم کھانا کھا لو،

فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ ۭ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ

فَانْتَشِرُوْا	وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ	لِحَدِيْثٍ	اِنَّ	ذٰلِكُمْ	كَانَ	يُؤْذِي	النَّبِيَّ
تو تم منتشر ہو جایا کرو	اور نہ جی لگا کر بیٹھے رہو	باتوں کے لئے	بیشک	یہ تمہاری بات	ایذا	دیتی ہے	نبیؐ

تو تم منتشر ہو جایا کرو، اور باتوں کے لئے جی لگا کر نہ بیٹھے رہو۔ بیشک تمہاری یہ بات نبیؐ کو ایذا دیتی ہے

فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ ۡ وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْيٖ مِنَ الْحَقِّ ۭ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا

فَيَسْتَحْيٖ	مِنْكُمْ	وَاللّٰهُ	لَا يَسْتَحْيٖ	مِنَ الْحَقِّ		وَاِذَا	سَاَلْتُمُوْهُنَّ	مَتَاعًا
پس وہ شرماتے ہیں	تم سے	اور اللہ	نہیں شرماتا	حق (بات)	سے	اور جب	تم ان سے مانگو	کوئی شے

پس وہ تم سے شرماتے ہیں، اور اللہ حق بات (فرمانے) سے نہیں شرماتا، اور جب تم ان (نبیؐ کی بیبیوں) سے کوئی شے مانگو

فَسْئَلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَاۗءِ حِجَابٍ ۭ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ۭ وَمَا كَانَ لَكُمْ

فَسْئَلُوْهُنَّ	مِنْ وَّرَاۗءِ حِجَابٍ	ذٰلِكُمْ	اَطْهَرُ	لِقُلُوْبِكُمْ	وَقُلُوْبِهِنَّ	وَمَا كَانَ	لَكُمْ
تو ان سے مانگو	پردہ کے پیچھے سے	تمہاری یہ بات	زیادہ پاکیزگی	تمہارے دلوں کے لئے	اور ان کے دل	اور (جائز) نہیں	تمہارے لئے

تو ان سے پردے کے پیچھے سے مانگو، یہ بات تمہارے اور ان کے دلوں کے لئے زیادہ پاکیزگی (کا ذریعہ) ہے، اور تمہارے لئے جائز نہیں

اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا ؕ

اَنْ تُؤْذُوْا	رَسُوْلَ اللّٰهِ	وَلَآ	اَنْ تَنْكِحُوْٓا	اَزْوَاجَهٗ	مِنْۢ بَعْدِهٖ	اَبَدًا
کہ تم ایذا دو	اللہ کا رسولؐ	اور نہ	یہ کہ تم نکاح کرو	اس کی بیبیاں	ان کے بعد	کبھی

کہ تم اللہ کے رسولؐ کو ایذا دو، اور نہ یہ (جائز ہے) کہ ان کے بعد کبھی بھی ان کی بیبیوں سے نکاح کرو،

اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ﴿۵۳﴾ اِنْ تُبْدُوْا شَيْـًٔا اَوْ تُخْفُوْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ

اِنَّ	ذٰلِكُمْ	كَانَ	عِنْدَ اللّٰهِ	عَظِيْمًا	اِنْ تُبْدُوْا	شَيْـًٔا	اَوْ تُخْفُوْهُ	فَاِنَّ اللّٰهَ
بیشک	تمہاری یہ بات	ہے	اللہ کے نزدیک	بڑا	اگر تم ظاہر کرو	کوئی بات	یا اسے چھپاؤ	تو بیشک اللہ

بیشک تمہاری یہ بات اللہ کے نزدیک بڑا (گناہ) ہے۔ اگر تم کوئی بات ظاہر کرو یا اسے چھپاؤ تو بیشک اللہ

كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۵۴﴾ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِيْٓ اٰبَآئِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآئِهِنَّ وَ

كَانَ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمًا	لَا جُنَاحَ	عَلَيْهِنَّ	فِيْٓ	اٰبَآئِهِنَّ	وَلَآ	اَبْنَآئِهِنَّ	وَ
ہے	ہر شے	جاننے والا	گناہ نہیں	عورتوں پر	میں	اپنے باپ	اور نہ	اپنے بیٹوں	اور

ہر شے کو جاننے والا ہے۔ عورتوں پر گناہ نہیں (پردہ نہ کرنے میں) اپنے باپ، اور نہ اپنے بیٹوں اور

لَآ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ اَخَوٰتِهِنَّ وَلَا نِسَآئِهِنَّ

لَآ اِخْوَانِهِنَّ	وَلَا	اَبْنَآءِ اِخْوَانِهِنَّ	وَلَا	اَبْنَآءِ اَخَوٰتِهِنَّ	وَلَا	نِسَآئِهِنَّ
نہ اپنے بھائی	اور نہ	اپنے بھائیوں کے بیٹے	اور نہ	اپنی بہنوں کے بیٹے	اور نہ	اپنی عورتیں

نہ اپنے بھائیوں، اور نہ اپنے بھائیوں کے بیٹوں، اور نہ اپنی بہنوں کے بیٹوں، اور نہ اپنی عورتوں سے،

وَلَا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

وَلَا	مَا	مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ	وَاتَّقِيْنَ	اللّٰهَ	اِنَّ اللّٰهَ	كَانَ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ
اور نہ	جس کے مالک ہوئے ان کے ہاتھ (کنیزیں)		اور ڈرتی رہو	اللہ	بیشک اللہ	ہے	پر	ہر شے

اور نہ اپنی کنیزوں سے (اے عورتو!) تم اللہ سے ڈرتی رہو، بے شک اللہ ہر شے پر

شَهِيْدًا ﴿۵۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

شَهِيْدًا	اِنَّ اللّٰهَ	وَمَلٰٓئِكَتَهٗ	يُصَلُّوْنَ	عَلَى النَّبِيِّ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
گواہ (موجود)	بیشک اللہ	اور اس کے فرشتے	درود بھیجتے ہیں	نبیؐ پر	اے	ایمان والو

گواہ (موجود) ہے۔ بیشک اللہ اور اس کے فرشتے نبیؐ پر درود بھیجتے ہیں، اے ایمان والو!

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿۵۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

صَلُّوْا	عَلَيْهِ	وَسَلِّمُوْا	تَسْلِيْمًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يُؤْذُوْنَ	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ
درود بھیجو	اس پر	اور سلام بھیجو	خوب سلام	بیشک	جو لوگ	ایذا دیتے ہیں	اللہ	اور اس کا رسولؐ

تم (بھی) اس پر درود بھیجو اور خوب سلام بھیجو۔ بیشک جو لوگ اللہ کو اور اس کے رسولؐ کو ایذا دیتے ہیں

لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ

لَعَنَهُمُ	اللّٰهُ	فِي الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ	وَاَعَدَّ	لَهُمْ	عَذَابًا مُّهِيْنًا	وَالَّذِيْنَ
ان پر لعنت کی	اللہ	دنیا میں	اور آخرت	اور تیار کیا اس نے	ان کے لئے	رسوا کرنے والا عذاب	اور جو لوگ

اللہ نے ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت کی (اپنی رحمت سے محروم کردیا) اور ان کے لئے رسوا کرنے والا عذاب تیار کیا۔ اور جو لوگ

يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا

يُؤْذُوْنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ	بِغَيْرِ	مَا	اكْتَسَبُوْا	فَقَدِ احْتَمَلُوْا	بُهْتَانًا
ایذا دیتے ہیں	مومن مرد (جمع)	اور مومن عورتیں	بغیر	کہ انہوں نے کمایا (کیا)		البتہ انہوں نے اٹھایا	بہتان

مومن مردوں اور مومن عورتوں کو ایذا دیتے ہیں، بغیر اس کے کہ انہوں نے کچھ کیا ہو تو البتہ انہوں نے اٹھایا (اپنے سر لیا) بہتان

وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۵۸﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ

۷ ع ۴

وَّاِثْمًا	مُّبِيْنًا	يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ	قُلْ	لِّاَزْوَاجِكَ	وَبَنٰتِكَ	وَنِسَآءِ
اور گناہ	صریح	اے نبیؐ	فرمادیں	اپنی بیبیوں کو	اور بیٹیوں کو	اور عورتوں کو

اور صریح گناہ۔ اے نبیؐ! آپؐ اپنی بیبیوں اور اپنی بیٹیوں کو، اور مومنوں کی عورتوں کو فرما دیں

الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰۤى اَنْ

الْمُؤْمِنِيْنَ	يُدْنِيْنَ	عَلَيْهِنَّ	مِنْ	جَلَابِيْبِهِنَّ	ذٰلِكَ	اَدْنٰۤى	اَنْ
مومنوں	ڈال لیا کریں	اپنے اوپر	سے	اپنی چادریں	یہ	قریب تر	کہ

کہ وہ اپنے اوپر اپنی چادریں ڈال لیا کریں (گھونگھٹ نکال لیا کریں) یہ (اس سے) قریب تر ہے کہ وہ

يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۵۹﴾ لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ

يُّعْرَفْنَ	فَلَا يُؤْذَيْنَ	وَكَانَ اللّٰهُ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا	لَئِنْ	لَّمْ يَنْتَهِ
ان کی پہچان ہوجائے	تو انہیں نہ ستایا جائے	اور اللہ ہے	بخشنے والا	مہربان	اگر	باز نہ آئے

ان کی پہچان ہوجائے، تو انہیں نہ ستایا جائے، اور اللہ بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔ اگر باز نہ آئے

الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْمُرْجِفُوْنَ فِي الْمَدِيْنَةِ

الْمُنٰفِقُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	وَالْمُرْجِفُوْنَ	فِيْ	الْمَدِيْنَةِ
منافق (جمع)	اور وہ جو	ان کے دلوں میں	روگ	اور جھوٹی افواہیں اُڑانے والے	میں	مدینہ

منافق، اور وہ لوگ جن کے دلوں میں روگ ہے، اور مدینہ میں جھوٹی افواہیں اُڑانے والے،

معانقۃ ۱۲

لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ فِيْهَآ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۶۰﴾ مَّلْعُوْنِيْنَ

لَنُغْرِيَنَّكَ	بِهِمْ	ثُمَّ	لَا يُجَاوِرُوْنَكَ	فِيْهَا	اِلَّا	قَلِيْلًا	مَلْعُوْنِيْنَ
ہم ضرور تمہیں پیچھے لگا دیں گے	ان کے	پھر	تمہارے ہمسایہ نہ رہیں گے وہ	اس (شہر) میں	سوائے	چند دن	پھٹکارے ہوئے

تو ہم ضرور تمہیں انکے پیچھے لگا دیں گے پھر وہ اس شہر (مدینہ) میں چند دن کے سوا تمہارے ہمسایہ (پاس) نہ رہیں گے۔ پھٹکارے ہوئے،

اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ﴿۶۱﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا

اَيْنَمَا	ثُقِفُوْا	اُخِذُوْا	وَقُتِّلُوْا	تَقْتِيْلًا	سُنَّةَ اللّٰهِ	فِي الَّذِيْنَ	خَلَوْا
جہاں کہیں	وہ پائے جائیں گے	پکڑے جائیں گے	اور مارے جائیں گے	بُری طرح مارا جانا	اللہ کا دستور	ان لوگوں میں جو	گزرے

وہ جہاں کہیں پائے جائیں گے پکڑے جائیں گے، اور بُری طرح مارے جائیں گے۔ اللہ کا (یہی) دستور رہا ہے، ان لوگوں میں جو گزرے ہیں

مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿۶۲﴾ يَسْـَٔلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ۭ

مِنْ قَبْلُ	وَلَنْ تَجِدَ	لِسُنَّةِ اللّٰهِ	تَبْدِيْلًا	يَسْـَٔلُكَ	النَّاسُ	عَنِ	السَّاعَةِ
ان سے پہلے	اور تم ہرگز نہ پاؤ گے	اللہ کے دستور میں	کوئی تبدیلی	آپ سے سوال کرتے ہیں	لوگ	سے (متعلق)	قیامت

ان سے پہلے، اور تم اللہ کے دستور میں ہرگز کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے۔ آپ سے لوگ قیامت کے متعلق سوال کرتے ہیں۔

قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا ﴿۶۳﴾

قُلْ	اِنَّمَا	عِلْمُهَا	عِنْدَ اللّٰهِ	وَمَا	يُدْرِيْكَ	لَعَلَّ	السَّاعَةَ	تَكُوْنُ	قَرِيْبًا
فرمادیں	اسکے سوا نہیں	اس کا علم	اللہ کے پاس	اور کیا	تمہیں خبر	شاید	قیامت	ہو	قریب

آپ فرمادیں اس کے سوا نہیں کہ اس کا علم اللہ کے پاس ہے، اور تمہیں کیا خبر! شاید قیامت قریب (ہی) ہو۔

اِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ وَاَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْرًا ﴿۶۴﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۚ

اِنَّ اللّٰهَ	لَعَنَ	الْكٰفِرِيْنَ	وَاَعَدَّ	لَهُمْ	سَعِيْرًا	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	اَبَدًا
بیشک اللہ	لعنت کی	کافروں پر	اور تیار کیا اس نے	ان کے لئے	بھڑکتی ہوئی آگ	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	ہمیشہ

بیشک اللہ نے کافروں پر لعنت کی، اور انکے لئے (جہنم) کی بھڑکتی ہوئی آگ تیار کی ہے۔ وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے،

لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿٦٥﴾ يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِى النَّارِ يَقُوْلُوْنَ

لَا يَجِدُوْنَ	وَلِيًّا	وَّلَا	نَصِيْرًا	يَوْمَ	تُقَلَّبُ	وُجُوْهُهُمْ	فِى النَّارِ	يَقُوْلُوْنَ
وہ نہ پائیں گے	کوئی دوست	اور نہ	کوئی مددگار	جس دن	الٹ پلٹ کئے جائیں گے	انکے چہرے	آگ میں	وہ کہیں گے

وہ نہ کوئی دوست پائیں گے، اور نہ مددگار۔ جس دن اُن کے چہرے آگ میں اُلٹ پلٹ کئے جائیں گے، وہ کہیں گے

يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا ﴿٦٦﴾ وَقَالُوْا رَبَّنَآ اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا

يٰلَيْتَنَآ	اَطَعْنَا	اللّٰهَ	وَاَطَعْنَا	الرَّسُوْلَا	وَقَالُوْا	رَبَّنَآ	اِنَّآ	اَطَعْنَا	سَادَتَنَا
اے کاش ہم	ہم نے اطاعت کی ہوتی	اللہ	اور اطاعت کی ہوتی	رسول	اور وہ کہیں گے	اے ہمارے رب	بیشک ہم	ہم نے اطاعت کی	اپنے سردار

اے کاش! ہم نے اطاعت کی ہوتی اللہ کی، اور اطاعت کی ہوتی رسول کی۔ اور وہ کہیں گے، اے ہمارے رب! بیشک ہم نے اطاعت کی اپنے سرداروں کی

وَكُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ﴿٦٧﴾ رَبَّنَآ اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ

وَكُبَرَآءَنَا	فَاَضَلُّوْنَا	السَّبِيْلَا	رَبَّنَآ	اٰتِهِمْ	ضِعْفَيْنِ	مِنَ الْعَذَابِ	وَالْعَنْهُمْ
اور اپنے بڑوں	تو انہوں نے بھٹکایا ہمیں	راستہ	اے ہمارے رب	دے انہیں	دوگنا	عذاب	اور لعنت کر ان پر

اور اپنے بڑوں کی، تو انہوں نے ہمیں راستہ سے بھٹکایا۔ اے ہمارے رب! انہیں دوگنا عذاب دے اور ان پر

۸ ع ۱۰ ۵

لَعْنًا كَبِيْرًا ﴿٦٨﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ

لَعْنًا	كَبِيْرًا	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تَكُوْنُوْا	كَالَّذِيْنَ	اٰذَوْا	مُوْسٰى	فَبَرَّاَهُ
لعنت	بڑی	اے	ایمان والو	تم نہ ہونا	ان لوگوں کی طرح	انہوں نے ستایا	موسیٰؑ	تو بری کردیا اسکو

بڑی لعنت کر۔ اے ایمان والو! اُن لوگوں کی طرح نہ ہونا جنہوں نے موسیٰؑ کو (الزام لگاکر) ستایا تو انہیں بری کردیا

اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا ؕ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ﴿٦٩﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ

اللّٰهُ	مِمَّا	قَالُوْا	وَكَانَ	عِنْدَ اللّٰهِ	وَجِيْهًا	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اتَّقُوا اللّٰهَ
اللہ	اس سے جو	انہوں نے کہا	اور وہ تھے	اللہ کے نزدیک	باآبرو	اے	ایمان والو	اللہ سے ڈرو

اللہ نے اس سے جو انہوں نے کہا (الزام لگایا) اور وہ (موسیٰؑ) اللہ کے نزدیک باآبرو تھے۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو

وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ﴿٧٠﴾ يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَمَنْ

وَقُوْلُوْا	قَوْلًا	سَدِيْدًا	يُّصْلِحْ	لَكُمْ	اَعْمَالَكُمْ	وَيَغْفِرْ	لَكُمْ	ذُنُوْبَكُمْ	وَمَنْ
اور کہو	بات	سیدھی	وہ سنوار دے گا	تمہارے لئے	تمہارے عمل (جمع)	اور بخشدے گا	تمہارے لئے	تمہارے گناہ	اور جو۔جس

اور سیدھی بات کہو۔ وہ تمہارے لئے تمہارے عمل سنوار دے گا، اور تمہارے گناہ بخش دے گا، اور جس نے

يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿۷۱﴾ اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ

يُّطِعِ اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	فَقَدْ فَازَ	فَوْزًا عَظِيْمًا	اِنَّا	عَرَضْنَا	الْاَمَانَةَ
اللہ کی اطاعت کی	اور اس کا رسول	تو وہ مراد کو پہنچا	بڑی مراد	بیشک ہم	ہم نے پیش کیا	امانت

اللہ اور اس کے رسول ؐ کی اطاعت کی تو وہ بڑی مراد کو پہنچا ۔ بیشک ہم نے اپنی امانت (ذمہ داری) کو پیش کیا

عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا

عَلَى	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَالْجِبَالِ	فَاَبَيْنَ	اَنْ يَّحْمِلْنَهَا	وَاَشْفَقْنَ	مِنْهَا
پر	آسمان (جمع)	اور زمین	اور پہاڑ	توانہوں نے انکار کیا	کہ وہ اسے اٹھائیں	اور وہ ڈر گئے	اس سے

آسمانوں اور زمین ، اور پہاڑوں پر ، تو انہوں نے اس کے اٹھانے سے انکار کیا ، اور وہ اس سے ڈر گئے ،

وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ﴿۷۲﴾ لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ

وَحَمَلَهَا	الْاِنْسَانُ	اِنَّهٗ	كَانَ	ظَلُوْمًا	جَهُوْلًا	لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ	الْمُنٰفِقِيْنَ
اور اسے اٹھا لیا	انسان نے	بیشک وہ	تھا	ظالم	بڑا نادان	تاکہ اللہ عذاب دے	منافق مردوں

اور انسان نے اسے اٹھا لیا ، بیشک وہ ظالم ، بڑا نادان تھا ۔ تاکہ اللہ عذاب دے منافق مردوں

وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ وَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ

وَالْمُنٰفِقٰتِ	وَالْمُشْرِكِيْنَ	وَالْمُشْرِكٰتِ	وَيَتُوْبَ	اللّٰهُ	عَلَى	الْمُؤْمِنِيْنَ
اور منافق عورتوں	اور مشرک مردوں	اور مشرک عورتوں	اور توبہ قبول کرے	اللہ	پر ۔ کی	مومن مردوں

اور منافق عورتوں کو ، اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو ، اور اللہ توبہ قبول کرے مومن مردوں

وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۷۳﴾ ع

وَالْمُؤْمِنٰتِ	وَكَانَ	اللّٰهُ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا
اور مومن عورتوں	اور ہے	اللہ	بخشنے والا	مہربان

اور مومن عورتوں کی ، بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۔

۹ ع ۵ ۶

اٰيَاتُهَا ٥٤

٣٤ سُوْرَةُ سَبَاٍ مَّكِّيَّةٌ ٥٨

رُكُوْعَاتُهَا ٦

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ وَلَهُ الْحَمْدُ فِى الْاٰخِرَةِ ط

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِىْ لَهٗ	مَا	فِى السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِى الْاَرْضِ	وَلَهٗ	الْحَمْدُ	فِى الْاٰخِرَةِ
تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	وہ جس کے لئے	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	اور اسی کے لئے	ہر تعریف	آخرت میں

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، اسی کے لئے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، اور اسی کے لئے ہر تعریف ہے آخرت میں،

وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿١﴾ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِى الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا

وَهُوَ	الْحَكِيْمُ	الْخَبِيْرُ	يَعْلَمُ	مَا يَلِجُ	فِى الْاَرْضِ	وَمَا	يَخْرُجُ	مِنْهَا	وَمَا
اور وہ	حکمت والا	خبر رکھنے والا	وہ جانتا ہے	جو داخل ہوتا ہے	زمین میں	اور جو	نکلتا ہے	اس سے	اور جو

اور وہ حکمت والا، خبر رکھنے والا ہے۔ وہ جانتا ہے جو زمین میں داخل ہوتا ہے (مثلاً پانی) اور جو اس سے نکلتا ہے، اور جو

يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ط وَهُوَ الرَّحِيْمُ الْغَفُوْرُ ﴿٢﴾ وَقَالَ

يَنْزِلُ	مِنَ السَّمَآءِ	وَمَا	يَعْرُجُ	فِيْهَا	وَهُوَ	الرَّحِيْمُ	الْغَفُوْرُ	وَقَالَ
نازل ہوتا ہے	آسمان سے	اور جو	چڑھتا ہے	اس میں	اور وہ	مہربان	بخشنے والا	اور کہا (کہتے ہیں)

آسمان سے نازل ہوتا ہے، اور جو اس میں چڑھتا ہے، اور وہ مہربان ہے، بخشنے والا - اور کہتے ہیں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا السَّاعَةُ ط قُلْ بَلٰى وَرَبِّىْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ عٰلِمِ الْغَيْبِ ج

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لَا تَاْتِيْنَا	السَّاعَةُ	قُلْ	بَلٰى	وَرَبِّىْ	لَتَاْتِيَنَّكُمْ	عٰلِمِ	الْغَيْبِ
جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	ہم پر نہیں آئے گی	قیامت	فرما دیں	ہاں	قسم میرے رب کی	البتہ تم پر ضرور آئے گی	جاننے والا	غیب

کافر کہ ہم پر قیامت نہیں آئے گی، آپ فرما دیں ہاں! میرے رب کی قسم! البتہ وہ تم پر ضرور آئے گی، اور وہ غیب کا جاننے والا ہے۔

لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِى السَّمٰوٰتِ وَلَا فِى الْاَرْضِ وَلَآ اَصْغَرُ

لَا يَعْزُبُ	عَنْهُ	مِثْقَالُ ذَرَّةٍ	فِى السَّمٰوٰتِ	وَلَا	فِى الْاَرْضِ	وَلَآ	اَصْغَرُ
پوشیدہ نہیں	اس سے	ایک ذرہ کے برابر	آسمانوں میں	اور نہ	زمین میں	اور نہ	چھوٹا

اس سے ایک ذرہ کے برابر بھی پوشیدہ نہیں، آسمانوں میں اور نہ زمین میں، اور نہ چھوٹا

مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرُ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝۳ لِّيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

مِنْ ذٰلِكَ	وَلَآ	اَكْبَرُ	اِلَّا	فِيْ	كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ	لِّيَجْزِيَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا
اس سے	اور نہ	بڑا	مگر	ہیں	روشن کتاب	تاکہ جزا دے	ان لوگوں کو جو ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے

اس سے اور نہ بڑا مگر (سب کچھ) روشن کتاب میں ہے۔ تاکہ وہ ان لوگوں کو جزا دے جو ایمان لائے اور انہوں نے عمل کئے

الصّٰلِحٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝۴ وَالَّذِيْنَ سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا

الصّٰلِحٰتِ	اُولٰۗىِٕكَ	لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	وَرِزْقٌ كَرِيْمٌ	وَالَّذِيْنَ	سَعَوْ	فِيْٓ اٰيٰتِنَا
نیک	یہی لوگ	ان کے لئے	بخشش	اور عزت کی روزی	اور وہ لوگ جو	انہوں نے کوشش کی	ہماری آیتوں میں

نیک، یہی لوگ، ہیں جن کے لئے بخشش اور عزت کی روزی ہے۔ اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں میں کوشش کی

مُعٰجِزِيْنَ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝۵ وَيَرَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ

مُعٰجِزِيْنَ	اُولٰۗىِٕكَ	لَهُمْ	عَذَابٌ	مِّنْ	رِّجْزٍ اَلِيْمٌ	وَيَرَى	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْعِلْمَ
ہرانے کے لئے	یہی لوگ	ان کے لئے	عذاب	سے	سخت دردناک	اور وہ دیکھتے ہیں	وہ لوگ جنہیں	دیا گیا	علم

ہرانے کے لئے، انہی لوگوں کے لئے سخت دردناک عذاب ہے۔ اور جنہیں علم دیا گیا وہ دیکھتے (جانتے) ہیں،

الَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ وَيَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝۶

الَّذِيْٓ	اُنْزِلَ	اِلَيْكَ	مِنْ	رَّبِّكَ	هُوَ الْحَقَّ	وَيَهْدِيْٓ	اِلٰى	صِرَاطِ	الْعَزِيْزِ	الْحَمِيْدِ
وہ جو کہ	نازل کیا گیا	تمہاری طرف		تمہارے رب کی طرف سے	وہ حق	اور وہ رہنمائی کرتا ہے	طرف	راستہ	غالب	سزاوار تعریف

کہ جو تمہارے پروردگار کی طرف سے نازل کیا گیا ہے وہ حق ہے اور (اللہ) غالب سزاوارِ تعریف کے راستہ کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلٰي رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمْ اِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ

وَقَالَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	هَلْ	نَدُلُّكُمْ	عَلٰي	رَجُلٍ	يُّنَبِّئُكُمْ	اِذَا	مُزِّقْتُمْ	كُلَّ مُمَزَّقٍ
اور کہا (کہتے ہیں)	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	کیا	ہم بتلائیں تمہیں	پر۔کا	ایسا آدمی	وہ خبر دیتا ہے تمہیں	جب	تم ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے	پوری طرح ریزہ ریزہ

اور کافر کہتے ہیں کیا ہم تمہیں ایسے آدمی کا (پتہ) بتائیں جو تمہیں خبر دیتا ہے کہ جب تم پوری طرح ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے،

اِنَّكُمْ لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۝۷ اَفْتَرٰى عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا اَمْ بِهٖ جِنَّةٌ ۭ بَلِ

اِنَّكُمْ	لَفِيْ	خَلْقٍ جَدِيْدٍ	اَفْتَرٰى	عَلَي اللّٰهِ	كَذِبًا	اَمْ	بِهٖ	جِنَّةٌ	بَلِ
بیشک تم	البتہ ہیں	زندگی نئی	اس نے باندھا	اللہ پر	جھوٹ	یا	اسے	جنون	بلکہ

تو بیشک تم نئی زندگی میں (آؤ گے) اس نے اللہ پر جھوٹ باندھا ہے یا اسے جنون (رہے)، (نہیں)، بلکہ

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ فِي الْعَذَابِ وَالضَّلٰلِ الْبَعِيْدِ ﴿۸﴾ اَفَلَمْ يَرَوْا

الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	فِي الْعَذَابِ	وَالضَّلٰلِ	الْبَعِيْدِ	اَفَلَمْ يَرَوْا
وہ لوگ جو	ایمان نہیں رکھتے	آخرت پر	عذاب میں	اور گمراہی	دُور	کیا انہوں نے نہیں دیکھا !

جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ، وہ عذاب اور دُور کی (شدید) گمراہی میں ہیں۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا ؟

اِلٰى مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنْ نَّشَاْ

اِلٰى	مَا	بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَمَا	خَلْفَهُمْ	مِّنَ السَّمَآءِ	وَالْاَرْضِ	اِنْ نَّشَاْ
طرف	جو	ان کے آگے	اور جو	ان کے پیچھے	آسمان سے	اور زمین	اگر ہم چاہیں

اس کی طرف جو اُن کے آگے اور اُن کے پیچھے ہے ، یعنی آسمان اور زمین ، اگر ہم چاہیں

نَخْسِفْ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً

نَخْسِفْ بِهِمُ	الْاَرْضَ	اَوْ نُسْقِطْ	عَلَيْهِمْ	كِسَفًا	مِّنَ السَّمَآءِ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً
انہیں دھنسا دیں ہم	زمین	یا گرا دیں	ان پر	ٹکڑا	آسمان سے	بیشک	اس میں	البتہ نشانی

تو ہم انہیں زمین میں دھنسا دیں ، یا ان پر آسمان کا ٹکڑا گرا دیں ، بیشک اس میں نشانی ہے

۱ ع ۹ ۷

لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ﴿۹﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ؕ يٰجِبَالُ اَوِّبِيْ مَعَهٗ

لِّكُلِّ	عَبْدٍ	مُّنِيْبٍ	وَلَقَدْ اٰتَيْنَا	دَاوٗدَ	مِنَّا	فَضْلًا	يٰجِبَالُ	اَوِّبِيْ	مَعَهٗ
لئے ہر	بندہ	رجوع کرنے والا	اور تحقیق ہم نے دیا	داؤدؑ	اپنی طرف سے	فضل	اے پہاڑو	تسبیح کرو	اس کے ساتھ

ہر رجوع کرنے والے بندہ کے لئے۔ اور تحقیق ہم نے داؤدؑ کو اپنی طرف سے فضل عطا کیا۔ اے پہاڑو ! اس کے ساتھ تسبیح کرو

وَالطَّيْرَ ۚ وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ ﴿۱۰﴾ اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِي السَّرْدِ وَ

وَالطَّيْرَ	وَاَلَنَّا	لَهُ	الْحَدِيْدَ	اَنِ	اعْمَلْ	سٰبِغٰتٍ	وَّقَدِّرْ	فِي السَّرْدِ	وَ
اور پرندو	اور ہم نے نرم کر دیا	اس کے لئے	لوہا	کہ	بناؤ	کشادہ زرہیں	اور اندازہ رکھو	کڑیوں کے جوڑنے میں	اور

اور پرندو (تم بھی)۔ اور ہم نے اس کے لئے لوہے کو نرم کر دیا۔ کہ کشادہ زرہیں بناؤ ، اور کڑیوں کے جوڑنے میں اندازہ رکھو ، اور

اعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱﴾ وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ

اعْمَلُوْا	صَالِحًا	اِنِّيْ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	وَلِسُلَيْمٰنَ	الرِّيْحَ	غُدُوُّهَا	شَهْرٌ
عمل کرو	اچھے	بیشک	تم جو کچھ کرتے ہو اس کو	دیکھ رہا ہوں	اور سلیمان کے لئے	ہوا	اسکی صبح کی منزل	ایک ماہ

اچھے عمل کرو ، تم جو کچھ کرتے ہو بیشک میں اس کو دیکھ رہا ہوں ۔ اور سلیمانؑ کے لئے ہوا (کو مسخر) کیا (اور اسکی صبح کی منزل ایک ماہ کی راہ ہوتی)

وَرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۚ وَأَسَلْنَا لَهُ عَيْنَ الْقِطْرِ ۖ وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ

وَرَوَاحُهَا	شَهْرٌ	وَأَسَلْنَا لَهُ	عَيْنَ الْقِطْرِ	وَمِنَ	الْجِنِّ	مَنْ يَعْمَلُ	بَيْنَ يَدَيْهِ
اور شام کی منزل	ایک ماہ	اور ہم نے بہایا اسکے لئے	تانبے کا چشمہ	اور سے	جن	وہ کام کرتے	اس کے سامنے

اور شام کی منزل ایک ماہ (کی راہ) اور ہم نے اس کے لئے تانبے کا چشمہ بہایا، اور جنات میں سے (بعض) اس کے سامنے کام کرتے تھے

بِإِذْنِ رَبِّهِ ۖ وَمَنْ يَزِغْ مِنْهُمْ عَنْ أَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيرِ ﴿١٢﴾

بِإِذْنِ	رَبِّهِ	وَمَنْ	يَزِغْ	مِنْهُمْ	عَنْ أَمْرِنَا	نُذِقْهُ	مِنْ	عَذَابِ	السَّعِيرِ
اذن (حکم) سے	اسکے رب کے	اور جو	کجی کریگا	ان میں سے	ہمارے حکم سے	ہم اس کو چکھائیں گے	سے۔کا	عذاب	آگ (دوزخ)

اس کے رب کے حکم سے۔ اور ان میں سے جو ہمارے حکم سے کجی کرے گا ہم اسے دوزخ کے عذاب کا مزہ چکھائیں گے۔

يَعْمَلُونَ لَهُ مَا يَشَاءُ مِنْ مَحَارِيبَ وَتَمَاثِيلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَ

يَعْمَلُونَ	لَهُ	مَا يَشَاءُ	مِنْ	مَحَارِيبَ	وَتَمَاثِيلَ	وَجِفَانٍ	كَالْجَوَابِ	وَ
وہ بناتے	اس کے لئے	جو وہ چاہتے	سے	بڑی عمارتیں (قلعے)	اور تصویریں	اور لگن	حوض جیسے	اور

وہ (جنات) جو وہ (سلیمانؑ) چاہتے وہ اس کے لئے قلعے بنانے، اور تصویریں (مورتیاں) اور حوض جیسے لگن، اور

قُدُورٍ رَاسِيَاتٍ ۚ اعْمَلُوا آلَ دَاوُودَ شُكْرًا ۚ وَقَلِيلٌ مِنْ عِبَادِيَ الشَّكُورُ ﴿١٣﴾

قُدُورٍ	رَاسِيَاتٍ	اعْمَلُوا	آلَ دَاوُودَ	شُكْرًا	وَقَلِيلٌ	مِنْ	عِبَادِيَ	الشَّكُورُ
دیگیں	ایک جگہ جمی ہوئی	تم عمل کرو	اے خاندان داؤد	شکر بجالا کر	اور تھوڑے	سے	میرے بندے	شکر گزار

ایک جگہ جمی ہوئی دیگیں، اے خاندان داؤدؑ! تم شکر بجالا کر عمل کرو، اور میرے بندوں میں شکر گزار تھوڑے ہیں۔

فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ عَلَىٰ مَوْتِهِ إِلَّا دَابَّةُ الْأَرْضِ

فَلَمَّا	قَضَيْنَا	عَلَيْهِ	الْمَوْتَ	مَا دَلَّهُمْ	عَلَىٰ مَوْتِهِ	إِلَّا	دَابَّةُ	الْأَرْضِ
پھر جب ہم نے	حکم جاری کیا	اس پر	موت	انہیں پتہ نہ دیا	اس کی موت کا	مگر	گھن	کا کیڑا

پھر جب ہم نے اس کی موت کا حکم جاری کیا، انہیں (جنوں کو) اس کی موت کا پتہ نہ دیا مگر گھن کی طرح کیڑے (دیمک) نے

تَأْكُلُ مِنْسَأَتَهُ ۖ فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ أَنْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوا

تَأْكُلُ	مِنْسَأَتَهُ	فَلَمَّا	خَرَّ	تَبَيَّنَتِ	الْجِنُّ	أَنْ	لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ	الْغَيْبَ	مَا لَبِثُوا
وہ کھاتا تھا	اس کا عصا	پھر جب	وہ گر پڑا	حقیقت کھلی	جن	اگر	وہ جانتے ہوتے	غیب	وہ نہ رہتے

وہ اس کا عصا کھاتا تھا، پھر جب وہ گر پڑا تو جنوں پر حقیقت کھلی، اگر وہ غیب جانتے ہوتے تو وہ نہ رہتے

فِي الْعَذَابِ الْمُهِينِ ﴿١٤﴾ لَقَدْ كَانَ لِسَبَإٍ فِي مَسْكَنِهِمْ آيَةٌ جَنَّتَانِ عَنْ يَمِينٍ

فِي	الْعَذَابِ	الْمُهِينِ	لَقَدْ كَانَ	لِسَبَإٍ	فِي	مَسْكَنِهِمْ	آيَةٌ	جَنَّتَانِ	عَنْ يَمِينٍ
میں	عذاب	ذلت	البتہ تھی	(قوم) سبا کے لئے	میں	اُن کی آبادی	ایک نشانی	دو باغ	دائیں سے

ذلت کے عذاب ہیں۔ البتہ قوم سبا کے لئے ان کی آبادی میں نشانی تھی ، دو باغ دائیں

وَشِمَالٍ ۖ كُلُوا مِنْ رِزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوا لَهُ ۚ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَرَبٌّ

وَشِمَالٍ	كُلُوا	مِنْ	رِزْقِ رَبِّكُمْ	وَاشْكُرُوا	لَهُ	بَلْدَةٌ	طَيِّبَةٌ	وَرَبٌّ
اور بائیں	تم کھاؤ	سے	اپنے رب کے رزق	اور شکر ادا کرو	اس کا	شہر	پاکیزہ	اور پروردگار

اور بائیں، (ہم نے کہدیا کہ) تم اپنے پروردگار کے رزق سے کھاؤ، اور اس کا شکر ادا کرو، شہر ہے پاکیزہ ، اور پروردگار ہے

غَفُورٌ ﴿١٥﴾ فَأَعْرَضُوا فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنَاهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ

غَفُورٌ	فَأَعْرَضُوا	فَأَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمْ	سَيْلَ الْعَرِمِ	وَبَدَّلْنَاهُمْ	بِجَنَّتَيْهِمْ	جَنَّتَيْنِ
بخشنے والا	پھر انہوں نے منہ موڑ لیا	تو ہم نے بھیجا	ان پر	سیلاب بند (سے رکا ہوا)	اور ہم نے انہیں بدل دیئے	انکے دو باغوں کے بدلے	دو باغ

بخشنے والا۔ پھر انہوں نے منہ موڑ لیا تو ہم نے ان پر (بند توڑ کر) زور کا سیلاب بھیجا اور اُن دو باغوں کے بدلے (اور) دو باغ دیئے

ذَوَاتَيْ أُكُلٍ خَمْطٍ وَأَثْلٍ وَشَيْءٍ مِنْ سِدْرٍ قَلِيلٍ ﴿١٦﴾ ذَٰلِكَ جَزَيْنَاهُمْ بِمَا

ذَوَاتَيْ	أُكُلٍ	خَمْطٍ	وَأَثْلٍ	وَشَيْءٍ	مِنْ سِدْرٍ	قَلِيلٍ	ذَٰلِكَ	جَزَيْنَاهُمْ	بِمَا
والے	میوہ	بدمزہ	اور جھاڑ	اور کچھ	بیریاں	تھوڑی	یہ	ہم نے انکو سزا دی	اسکے سبب جو

بدمزہ میوہ والے اور اور کچھ جھاڑ ، اور تھوڑی سی بیریاں ۔ یہ ہم نے انہیں سزا دی اس لئے کہ

كَفَرُوا ۖ وَهَلْ نُجَازِي إِلَّا الْكَفُورَ ﴿١٧﴾ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى الَّتِي

كَفَرُوا	وَهَلْ	نُجَازِي	إِلَّا	الْكَفُورَ	وَجَعَلْنَا	بَيْنَهُمْ	وَبَيْنَ	الْقُرَى	الَّتِي
انہوں نے ناشکری کی	اور نہیں	ہم سزا دیتے	مگر صرف	ناشکرا	اور ہم نے (آباد) کر دیئے	انکے درمیان	اور درمیان	بستیاں	وہ جنہیں

انہوں نے ناشکری کی اور ہم صرف ناشکرے کو سزا دیتے ہیں۔ اور ہم نے آباد کر دیں ان کے درمیان اور (شام) کی ان بستیوں کے درمیان جنہیں

بَارَكْنَا فِيهَا قُرًى ظَاهِرَةً وَقَدَّرْنَا فِيهَا السَّيْرَ ۖ سِيرُوا فِيهَا لَيَالِيَ وَأَيَّامًا

بَارَكْنَا	فِيهَا	قُرًى	ظَاهِرَةً	وَقَدَّرْنَا	فِيهَا السَّيْرَ	سِيرُوا	فِيهَا	لَيَالِيَ	وَأَيَّامًا
ہم نے برکت دی	اس میں	بستیاں	ایکدوسرے سے متصل	اور ہم نے مقرر کر دیا	ان میں آمدورفت	تم چلو (پھرو)	ان میں	راتوں	اور دنوں

ہم نے برکت دی ہے، ایک دوسرے سے متصل بستیاں ، اور ہم نے ان میں آمدورفت مقرر کر دی، تم ان میں چلو پھرو، راتوں اور دنوں

اٰمِنِیْنَ ﴿۱۸﴾ فَقَالُوْا رَبَّنَا بٰعِدْ بَیْنَ اَسْفَارِنَا وَظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَجَعَلْنٰهُمْ

اٰمِنِیْنَ	فَقَالُوْا	رَبَّنَا	بٰعِدْ	بَیْنَ اَسْفَارِنَا	وَظَلَمُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	فَجَعَلْنٰهُمْ
امن سے (بے خوف وخطر)	وہ کہنے لگے	اے ہمارے رب	دُوری پیدا کردے	ہمارے سفروں کے درمیان	اور انہوں نے ظلم کیا	اپنی جانوں پر	تو ہم نے بنا دیا انہیں

بے خوف وخطر۔ وہ کہنے لگے اے ہمارے پروردگار! ہمارے سفروں کے درمیان دُوری پیدا کردے، اور انہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا تو ہم نے انہیں بنا دیا

اَحَادِیْثَ وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۱۹﴾

اَحَادِیْثَ	وَمَزَّقْنٰهُمْ	كُلَّ مُمَزَّقٍ	اِنَّ	فِیْ ذٰلِكَ	لَاٰیٰتٍ	لِّكُلِّ صَبَّارٍ	شَكُوْرٍ
افسانے	اور ہم نے انہیں پراگندہ کردیا	پوری طرح پراگندہ	بیشک	اس میں	نشانیاں	ہر بڑے صبر کرنے والے	شکرگزار

افسانے اور ہم نے انہیں پوری پوری طرح پراگندہ کردیا، بیشک اس میں ہر بڑے صبر کرنے والے شکرگزار کے لئے نشانیاں ہیں۔

وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَیْهِمْ اِبْلِیْسُ ظَنَّهٗ فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِیْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۲۰﴾

وَلَقَدْ	صَدَّقَ	عَلَیْهِمْ	اِبْلِیْسُ	ظَنَّهٗ	فَاتَّبَعُوْهُ	اِلَّا	فَرِیْقًا	مِّنَ	الْمُؤْمِنِیْنَ
اور البتہ	سچ کردکھایا	اُن پر	ابلیس	اپنا گمان	پس انہوں نے اسکی پیروی کی	سوائے	ایک گروہ	سے۔کا	مومن (جمع)

اور البتہ ابلیس نے ان پر اپنا گمان سچ کردکھایا، پس مومنوں کے ایک گروہ کے سوا انہوں نے اس کی پیروی کی۔

وَمَا كَانَ لَهٗ عَلَیْهِمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ یُّؤْمِنُ بِالْاٰخِرَةِ مِمَّنْ

وَمَا كَانَ	لَهٗ	عَلَیْهِمْ	مِّنْ سُلْطٰنٍ	اِلَّا	لِنَعْلَمَ	مَنْ یُّؤْمِنُ	بِالْاٰخِرَةِ	مِمَّنْ
اور نہ تھا	اسے (ابلیس کو)	ان پر	کوئی غلبہ	مگر	تاکہ ہم معلوم کرلیں	جو ایمان رکھتا ہے	آخرت پر	اس سے جو

اور ابلیس کو ان پر کوئی غلبہ نہ تھا مگر (ہم چاہتے تھے) کہ جو آخرت پر ایمان رکھتا ہے اس سے (جدا کرکے) معلوم کرلیں

۲ ع ۱۲ ۸

هُوَ مِنْهَا فِیْ شَكٍّ ؕ وَرَبُّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ ﴿۲۱﴾ قُلِ ادْعُوا الَّذِیْنَ

هُوَ	مِنْهَا	فِیْ شَكٍّ	وَرَبُّكَ	عَلٰی	كُلِّ شَیْءٍ	حَفِیْظٌ	قُلِ	ادْعُوا	الَّذِیْنَ
وہ	اس سے	شک میں	اور تیرا رب	پر	ہر شے	نگہبان	فرمادیں	پکارو	ان کو جنہیں

جو اس (کے بارے میں) شک میں ہے، اور تیرا رب ہر شے پر نگہبان ہے۔ آپ فرمادیں، انہیں پکارو جنہیں

زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۚ لَا یَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِی السَّمٰوٰتِ وَلَا فِی الْاَرْضِ

زَعَمْتُمْ	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ	لَا یَمْلِكُوْنَ	مِثْقَالَ ذَرَّةٍ	فِی السَّمٰوٰتِ	وَلَا	فِی الْاَرْضِ
گمان کرتے ہو	اللہ کے سوا	وہ مالک نہیں ہیں	ایک ذرّہ کے برابر	آسمانوں میں	اور نہ	زمین میں

تم اللہ کے سوا (معبود) گمان کرتے ہو، وہ (تو) ایک ذرّہ کے برابر بھی مالک نہیں (اختیار نہیں رکھتے) آسمانوں میں اور نہ زمین میں

وَمَا لَهُمْ فِيهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَمَا لَهُ مِنْهُمْ مِنْ ظَهِيرٍ ﴿۲۲﴾ وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ

وَمَا	لَهُمْ	فِيهِمَا مِنْ شِرْكٍ	وَمَا لَهُ	مِنْهُمْ	مِنْ ظَهِيرٍ	وَلَا تَنْفَعُ	الشَّفَاعَةُ
اور نہیں	ان کا	ان (آسمانوں وزمین) میں کوئی ساجھا	اور نہیں (اللہ) کا	ان میں سے	کوئی مددگار	اور نفع نہیں دیتی	شفاعت

اور نہ (آسمان وزمین میں) ان کا کوئی ساجھا ہے اور نہ ان میں سے کوئی (اللہ کا) مددگار ہے۔ اور شفاعت (سفارش) نفع نہیں دیتی

عِنْدَهُ إِلَّا لِمَنْ أَذِنَ لَهُ حَتَّىٰ إِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوبِهِمْ قَالُوا مَاذَا قَالَ

عِنْدَهُ	إِلَّا	لِمَنْ أَذِنَ	لَهُ	حَتَّىٰ	إِذَا	فُزِّعَ	عَنْ قُلُوبِهِمْ	قَالُوا	مَاذَا	قَالَ
اس کے پاس	سوائے	جسے وہ اجازت دے	اس کو	یہاں تک	جب	دُور کردی جاتی ہے	ان کے دلوں سے	کہتے ہیں	کیا	کہا

اس کے پاس سوائے اس کے جسے وہ اجازت دیدے، یہاں تک کہ جب ان کے دلوں سے (گھبراہٹ) دُور کردی جاتی ہے تو کہتے ہیں کیا کہا ہے

رَبُّكُمْ قَالُوا الْحَقَّ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ ﴿۲۳﴾ قُلْ مَنْ يَرْزُقُكُمْ مِنَ السَّمَاوَاتِ وَ

رَبُّكُمْ	قَالُوا	الْحَقَّ	وَهُوَ	الْعَلِيُّ	الْكَبِيرُ	قُلْ	مَنْ	يَرْزُقُكُمْ	مِنَ السَّمَاوَاتِ	وَ
تمہارے رب نے	وہ کہتے ہیں	حق	اور وہ	بلند مرتبہ	بزرگ قدر	فرمادیں	کون	تمہیں رزق دیتا ہے	آسمانوں سے	اور

تمہارے رب نے، وہ (فرشتے) کہتے ہیں حق (فرمایا ہے) اور وہ بلند مرتبہ بزرگ قدر ہے۔ آپ فرمادیں کون تمہیں روزی دیتا ہے آسمانوں سے اور

الْأَرْضِ قُلِ اللَّهُ وَإِنَّا أَوْ إِيَّاكُمْ لَعَلَىٰ هُدًى أَوْ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ﴿۲۴﴾

الْأَرْضِ	قُلِ	اللَّهُ	وَإِنَّا	أَوْ	إِيَّاكُمْ	لَعَلَىٰ هُدًى	أَوْ	فِي ضَلَالٍ	مُبِينٍ
زمین	فرمادیں	اللہ	اور بیشک ہم	یا	تم ہی	البتہ ہدایت پر	یا	گمراہی میں	کھلی

زمین سے، فرمادیں "اللہ"۔ بیشک ہم یا تم ہی (دونوں میں سے ایک) البتہ ہدایت پر ہے یا کھلی گمراہی میں ہے۔

قُلْ لَا تُسْأَلُونَ عَمَّا أَجْرَمْنَا وَلَا نُسْأَلُ عَمَّا تَعْمَلُونَ ﴿۲۵﴾ قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا

قُلْ	لَا تُسْأَلُونَ	عَمَّا	أَجْرَمْنَا	وَلَا نُسْأَلُ	عَمَّا	تَعْمَلُونَ	قُلْ	يَجْمَعُ	بَيْنَنَا
فرمادیں	تم سے نہ پوچھا جائے گا	اسکی بابت	جو ہم نے گناہ کیا	اور نہ ہم سے پوچھا جائیگا	اسکی بابت	جو تم کرتے ہو	فرمادیں آپ	وہ جمع کریگا	ہم سب کو

آپ فرمادیں (اگر ہم مجرم ہیں تو) تم سے اس گناہ کی بابت نہ پوچھا جائے گا جو ہم نے کیا، نہ ہم سے اس بابت پوچھا جائیگا جو تم کرتے ہو فرمادیں ہم سب کو جمع کریگا

رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيمُ ﴿۲۶﴾ قُلْ أَرُونِيَ الَّذِينَ أَلْحَقْتُمْ

رَبُّنَا	ثُمَّ	يَفْتَحُ	بَيْنَنَا	بِالْحَقِّ	وَهُوَ	الْفَتَّاحُ	الْعَلِيمُ	قُلْ	أَرُونِيَ	الَّذِينَ	أَلْحَقْتُمْ
ہمارا رب	پھر	فیصلہ کریگا	ہمارے درمیان	ٹھیک ٹھیک	اور وہ	فیصلہ کرنے والا	جاننے والا	فرمادیں	مجھے دکھاؤ	وہ جنہیں	تم نے ساتھ ملادیا ہے

ہمارا رب، پھر ہمارے درمیان ٹھیک ٹھیک فیصلہ کرے گا، اور وہ فیصلہ کرنیوالا، جاننے والا ہے۔ آپ فرمادیں مجھے دکھاؤ جنہیں تم نے ساتھ ملایا ہے،

بِهٖ شُرَكَآءَ كَلَّا ؕ بَلْ هُوَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۷﴾ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ

بِهٖ	شُرَكَآءَ	كَلَّا	بَلْ	هُوَ اللّٰهُ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	وَمَا	اَرْسَلْنٰكَ	اِلَّا	كَآفَّةً لِّلنَّاسِ
اس کے ساتھ	شریک	ہرگز نہیں	بلکہ	وہ اللہ	غالب	حکمت والا	اور نہیں	آپ کو بھیجا ہم نے	مگر تمام لوگوں (نوعِ انسانی) کے لئے	

اس کے ساتھ شریک (ٹھہرا کر) ہرگز نہیں بلکہ اللہ ہی غالب حکمت والا ہے۔ اور ہم نے آپ کو بھیجا ہے تمام نوعِ انسانی کے لئے

بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ

بَشِيْرًا	وَ نَذِيْرًا	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يَعْلَمُوْنَ	وَيَقُوْلُوْنَ	مَتٰى	هٰذَا الْوَعْدُ
خوشخبری دینے والا	اور ڈرسنانے والا	اور لیکن	اکثر لوگ	نہیں جانتے	اور وہ کہتے ہیں	کب	یہ وعدہ (قیامت)

خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانے والا، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور وہ کہتے ہیں یہ وعدۂ قیامت کب (آئے گا)

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۹﴾ قُلْ لَّكُمْ مِّيْعَادُ يَوْمٍ لَّا تَسْتَاْخِرُوْنَ عَنْهُ سَاعَةً وَّلَا

اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	قُلْ	لَكُمْ	مِيْعَادُ	يَوْمٍ	لَا تَسْتَاْخِرُوْنَ	عَنْهُ	سَاعَةً	وَلَا
اگر	تم ہو	سچے	فرما دیں	تمہارے لئے	وعدہ	ایک دن	نہ تم پیچھے ہٹ سکتے ہو	اس سے	ایک گھڑی	اور نہ

اگر تم سچے ہو۔ آپؐ فرما دیں تمہارے لئے وعدہ کا ایک دن (معین) ہے، اس سے تم نہ ایک گھڑی پیچھے ہٹ سکتے ہو، اور نہ

۳ ع ۹ ۹ النصف

تَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۳۰﴾ ع وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَلَا بِالَّذِيْ

تَسْتَقْدِمُوْنَ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لَنْ نُّؤْمِنَ	بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ	وَلَا	بِالَّذِيْ
تم آگے بڑھ سکتے ہو	اور کہتے ہیں	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	ہم ہرگز ایمان لائیں گے	اس قرآن پر	اور نہ	اس پر جو

تم آگے بڑھ سکتے ہو۔ اور کافر کہتے ہیں ہم ہرگز اس قرآن پر ایمان نہ لائیں گے، اور نہ ان (کتابوں) پر جو

بَيْنَ يَدَيْهِ ؕ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ مَوْقُوْفُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚۖ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ

بَيْنَ يَدَيْهِ	وَلَوْ تَرٰى	اِذِ	الظّٰلِمُوْنَ	مَوْقُوْفُوْنَ	عِنْدَ رَبِّهِمْ	يَرْجِعُ	بَعْضُهُمْ
اس سے پہلے	اور کاش تم دیکھو	جب	ظالم (جمع)	کھڑے کئے جائیں گے	اپنے رب کے سامنے	لوٹائے گا (رد کریگا)	ان میں سے ایک

اس سے پہلے تھیں، اور کاش! تم دیکھو، جب یہ ظالم اپنے رب کے سامنے کھڑے کئے جائیں گے وہ رد کرے گا ان میں سے ایک

اِلٰى بَعْضِ ِ الْقَوْلَ ۚ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لَوْلَآ اَنْتُمْ

اِلٰى	بَعْضِ	ِ الْقَوْلَ	يَقُوْلُ	الَّذِيْنَ	اسْتُضْعِفُوْا	لِلَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْا	لَوْ لَآ	اَنْتُمْ
طرف	دوسرے	بات	کہیں گے	جو کمزور کئے گئے (ناتوان)		ان لوگوں کو جو	تکبر کرتے تھے (بڑے لوگ)	اگر نہ تم ہوتے	

دوسرے کی بات، ناتواں لوگ بڑے لوگوں سے کہیں گے اگر تم نہ ہوتے

لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٣١﴾ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْٓا اَنَحْنُ

لَكُنَّا	مُؤْمِنِيْنَ	قَالَ	الَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْا	لِلَّذِيْنَ	اسْتُضْعِفُوْٓا	اَنَحْنُ
ضرور ہم ہوتے	ایمان لانے والے	کہیں گے	جو لوگ تکبر کرتے تھے (بڑے لوگ)		ان سے جو کمزور رکھے گئے (ناتواں)		کیا ہم

تو ہم ضرور ایمان لانے والے ہوتے۔ اور بڑے لوگ ناتواں لوگوں سے کہیں گے، کیا ہم نے

صَدَدْنٰكُمْ عَنِ الْهُدٰى بَعْدَ اِذْ جَآءَكُمْ بَلْ كُنْتُمْ مُّجْرِمِيْنَ ﴿٣٢﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ

صَدَدْنٰكُمْ	عَنِ	الْهُدٰى	بَعْدَ	اِذْ جَآءَكُمْ	بَلْ	كُنْتُمْ	مُّجْرِمِيْنَ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ
ہم نے روکا تمہیں	سے	ہدایت	اس کے بعد	جب آگئی تمہارے پاس	بلکہ	تم تھے	مجرم (جمع)	اور کہیں گے	وہ لوگ جو

نے تمہیں ہدایت سے روکا؟ جبکہ وہ تمہارے پاس آئی (نہیں)، بلکہ تم (خود) مجرم تھے۔ اور کہیں گے

اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا بَلْ مَكْرُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِذْ تَاْمُرُوْنَنَآ اَنْ نَّكْفُرَ بِاللّٰهِ

اسْتُضْعِفُوْا	لِلَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْا	بَلْ	مَكْرُ	الَّيْلِ وَالنَّهَارِ	اِذْ تَاْمُرُوْنَنَآ	اَنْ نَّكْفُرَ	بِاللّٰهِ
کمزور رکھے گئے (ناتواں)	ان لوگوں سے جو تکبر کرتے تھے (بڑے)		بلکہ	چال	رات اور دن	جب تم حکم دیتے تھے ہمیں	کہ ہم انکار کریں	اللہ کا

ناتواں بڑے لوگوں کو (نہیں) بلکہ (ہمیں روک رکھا تھا) (تمہاری) دن رات کی چالوں نے، جب تم ہمیں حکم دیتے تھے کہ ہم اللہ کا انکار کریں

وَنَجْعَلَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ۭ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۭ وَجَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ

وَنَجْعَلَ	لَهٗ	اَنْدَادًا	وَاَسَرُّوا	النَّدَامَةَ	لَمَّا رَاَوُا	الْعَذَابَ	وَجَعَلْنَا	الْاَغْلٰلَ
اور ہم ٹھہرائیں	اس کے لئے	شریک (جمع)	اور وہ چھپائیں گے	شرمندگی	جب وہ دیکھیں گے	عذاب	اور ہم ڈالیں گے	طوق

اور ہم اس کے لئے شریک ٹھہرائیں، اور جب وہ عذاب دیکھیں گے تو شرمندگی چھپائیں گے، اور ہم طوق ڈالیں گے

فِيْٓ اَعْنَاقِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا

فِيْٓ اَعْنَاقِ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	هَلْ يُجْزَوْنَ	اِلَّا	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	وَمَآ اَرْسَلْنَا
گردنوں میں	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	وہ سزا نہ دیئے جائیں گے	مگر	جو	وہ کرتے تھے	اور ہم نے نہیں بھیجا

کافروں کی گردنوں میں، اور وہ (وہی) سزا پائیں گے جو وہ کرتے تھے۔ اور ہم نے نہیں بھیجا

فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿٣٤﴾

فِيْ قَرْيَةٍ	مِّنْ نَّذِيْرٍ	اِلَّا	قَالَ	مُتْرَفُوْهَآ	اِنَّا	بِمَآ اُرْسِلْتُمْ	بِهٖ	كٰفِرُوْنَ
کسی بستی میں	کوئی ڈرانے والا	مگر	کہا	اس کے خوشحال لوگ	بیشک ہم	تم جو دے کر بھیجے گئے ہو	اس کے	منکر ہیں

کسی بستی میں کوئی ڈرانے والا، مگر اس کے خوشحال لوگوں نے کہا تم جو (ہدایت) دے کر بھیجے گئے ہو، ہم اس کے منکر ہیں۔

وَقَالُوْا نَحْنُ اَكْثَرُ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ۙ وَّمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿۳۵﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ

وَقَالُوْا	نَحْنُ	اَكْثَرُ	اَمْوَالًا	وَّاَوْلَادًا	وَّمَا	نَحْنُ	بِمُعَذَّبِيْنَ	قُلْ	اِنَّ	رَبِّيْ
اور انہوں نے کہا	ہم	زیادہ	مال میں	اور اولاد میں	اور نہیں	ہم	عذاب دیئے جانے والے	فرمادیں	بیشک	میرا رب

اور انہوں نے کہا ہم مال اور اولاد میں زیادہ (بڑھ کر) ہیں، اور ہم عذاب دیئے جانیوالے نہیں (ہمیں عذاب نہ ہوگا)۔ آپ فرمادیں بیشک میرا رب

يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَمَآ

۴ ع ۶ ۱۰

يَبْسُطُ	الرِّزْقَ	لِمَنْ يَّشَآءُ	وَيَقْدِرُ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يَعْلَمُوْنَ	وَمَآ
وسیع فرماتا ہے	رزق	جس کے لئے وہ چاہتا ہے	اور تنگ کردیتا ہے	اور لیکن	اکثر لوگ	نہیں جانتے	اور نہیں

جس کے لئے چاہتا ہے رزق وسیع فرماتا ہے (اور جس کے لئے چاہے) وہ تنگ کردیتا ہے، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ۔ اور نہیں

اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰٓى اِلَّا مَنْ اٰمَنَ وَ

اَمْوَالُكُمْ	وَلَا	اَوْلَادُكُمْ	بِالَّتِيْ	تُقَرِّبُكُمْ	عِنْدَنَا	زُلْفٰى	اِلَّا	مَنْ	اٰمَنَ	وَ
تمہارے مال	اور نہ	تمہاری اولاد	وہ جو کہ	تمہیں نزدیک کردے	ہمارے نزدیک	درجہ	مگر	جو	ایمان لایا	اور

تمہارے مال اور اولاد (ایسے) جو تمہیں درجہ میں ہمارے نزدیک کر دیں، مگر جو ایمان لایا، اور

عَمِلَ صَالِحًا ۫ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا وَهُمْ فِي الْغُرُفٰتِ

عَمِلَ صَالِحًا	فَاُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	جَزَآءُ	الضِّعْفِ	بِمَا عَمِلُوْا	وَهُمْ	فِي الْغُرُفٰتِ
اس نے اچھے عمل کئے	یہی لوگ	ان کے لئے	جزا	دوگنی	اس کے بدلے جو انہوں نے کیا	اور وہ	بالا خانوں میں

اس نے اچھے عمل کئے تو ان ہی لوگوں کے لئے دوگنی جزا ہے اس کے بدلے جو انہوں نے کیا، اور وہ بالا خانوں میں

اٰمِنُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَالَّذِيْنَ يَسْعَوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ

اٰمِنُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	يَسْعَوْنَ	فِيْٓ اٰيٰتِنَا	مُعٰجِزِيْنَ	اُولٰٓئِكَ	فِي الْعَذَابِ
امن سے ہوں گے	اور جو لوگ	کوشش کرتے ہیں	ہماری آیتوں میں	عاجز کرنے (ہرانے) والے	یہی لوگ	عذاب میں

امن سے ہوں گے۔ اور جو لوگ ہماری آیتوں میں ہرانے کی کوشش کرتے ہیں، یہی لوگ عذاب میں

مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۸﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ۭ

مُحْضَرُوْنَ	قُلْ	اِنَّ	رَبِّيْ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ	لِمَنْ يَّشَآءُ	مِنْ عِبَادِهٖ	وَيَقْدِرُ	لَهٗ
حاضر کئے جائیں گے	فرمادیں	بیشک	میرا رب	وسیع فرماتا ہے	رزق	جس کے لئے وہ چاہتا ہے	اپنے بندوں میں سے	اور تنگ کردیتا ہے	اس کے لئے

حاضر کئے جائیں گے۔ آپ فرمادیں میرا رب اپنے بندوں میں سے جس کیلئے چاہتا ہے رزق وسیع فرماتا ہے۔ (اور جس کے لئے چاہے) تنگ کردیتا ہے،

وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۳۹﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ

وَمَا	اَنْفَقْتُمْ	مِّنْ شَيْءٍ	فَهُوَ	يُخْلِفُهٗ	وَهُوَ	خَيْرُ	الرّٰزِقِيْنَ	وَيَوْمَ	يَحْشُرُهُمْ
اور جو	تم خرچ کروگے	کوئی شے	تو وہ	اس کا عوض دے گا	اور وہ	بہترین	رزق دینے والا	اور جس دن	وہ جمع کرے گا ان کو

اور کوئی شے جو تم خرچ کروگے تو وہ اس کا عوض دے گا، اور وہ بہترین رزق دینے والا ہے۔ اور جس دن وہ جمع کرے گا، ان

جَمِيْعًا ثُمَّ يَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اَهٰٓؤُلَآءِ اِيَّاكُمْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿۴۰﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ

جَمِيْعًا	ثُمَّ يَقُوْلُ	لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اَهٰٓؤُلَآءِ	اِيَّاكُمْ	كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ	قَالُوْا	سُبْحٰنَكَ
سب	پھر فرمائے گا	فرشتوں کو	کیا یہ لوگ	تمہاری ہی	پرستش کرتے تھے	وہ کہیں گے	تو پاک ہے

سب کو، پھر فرشتوں سے فرمائے گا، کیا یہ لوگ تمہاری ہی پرستش کرتے تھے؟ وہ کہیں گے، تو پاک ہے،

اَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ ۚ اَكْثَرُهُمْ بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ ﴿۴۱﴾

اَنْتَ	وَلِيُّنَا	مِنْ دُوْنِهِمْ	بَلْ	كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ	الْجِنَّ	اَكْثَرُهُمْ	بِهِمْ	مُّؤْمِنُوْنَ
تو	ہمارا کارساز	انکے سوائے (نہ کہ وہ)	بلکہ	وہ پرستش کرتے تھے	جن (جمع)	ان میں سے اکثر	ان پر	اعتقاد رکھتے تھے

تو ہمارا کارساز ہے، نہ کہ وہ، بلکہ وہ جنّوں کی پرستش کرتے تھے، ان میں سے اکثر اُن پر اعتقاد رکھتے تھے۔

فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَّلَا ضَرًّا ۭ وَنَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ

فَالْيَوْمَ	لَا يَمْلِكُ	بَعْضُكُمْ	لِبَعْضٍ	نَّفْعًا	وَّلَا ضَرًّا	وَنَقُوْلُ	لِلَّذِيْنَ
سو آج	اختیار نہیں رکھتا	تم ہی سے بعض (ایک)	بعض (دوسرے) کے لئے	نفع کا	اور نہ نقصان کا	اور ہم کہیں گے	ان لوگوں کو

سو آج تم میں سے کوئی ایک دوسرے کے نہ نفع کا اختیار رکھتا ہے، اور نہ نقصان کا، اور ہم اُن لوگوں کو کہیں گے جنہوں نے

ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ

ظَلَمُوْا	ذُوْقُوْا	عَذَابَ النَّارِ	الَّتِيْ	كُنْتُمْ	بِهَا	تُكَذِّبُوْنَ	وَاِذَا	تُتْلٰى	عَلَيْهِمْ
جنہوں نے ظلم کیا	تم چکھو	آگ (جہنم) کا عذاب	وہ جس	تم تھے	اس کو	تم جھٹلاتے تھے	اور جب	پڑھی جاتی ہیں	اُن پر

ظلم (شرک) کیا، تم جہنم کے عذاب (کا مزہ) چکھو جس کو تم جھٹلاتے تھے۔ اور جب ان پر پڑھی جاتی ہیں

اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا رَجُلٌ يُّرِيْدُ اَنْ يَّصُدَّكُمْ عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ

اٰيٰتُنَا	بَيِّنٰتٍ	قَالُوْا	مَا هٰذَآ	اِلَّا	رَجُلٌ	يُّرِيْدُ	اَنْ يَّصُدَّكُمْ	عَمَّا	كَانَ يَعْبُدُ
ہماری آیات	واضح	وہ کہتے ہیں	نہیں ہے یہ	مگر صرف	ایک آدمی	وہ چاہتا ہے	کہ روکے تمہیں	اس سے جس	پرستش کرتے تھے

ہماری واضح آیات تو وہ کہتے ہیں یہ تو صرف (تم جیسا) آدمی ہے چاہتا ہے کہ تمہیں ان سے روکے جن کی پرستش

اٰبَآؤُكُمۡ ۚ وَقَالُوۡا مَا هٰذَاۤ اِلَّاۤ اِفۡكٌ مُّفۡتَرًى ؕ وَقَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لِلۡحَقِّ

اٰبَآؤُكُمۡ	وَقَالُوۡا	مَا هٰذَاۤ	اِلَّاۤ	اِفۡكٌ مُّفۡتَرًى	وَقَالَ	الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا	لِلۡحَقِّ
تمہارے باپ دادا	اور وہ کہتے ہیں	نہیں یہ	مگر	جھوٹ گھڑا ہوا	اور کہا	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	حق کے بارے میں

تمہارے باپ دادا کرتے تھے، اور وہ کہتے ہیں یہ (قرآن) نہیں ہے مگر گھڑا ہوا جھوٹ، اور کافروں نے حق کے بارے میں کہا

لَمَّا جَآءَهُمۡ ۙ اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّا سِحۡرٌ مُّبِيۡنٌ ﴿۴۳﴾ وَمَاۤ اٰتَيۡنٰهُمۡ مِّنۡ كُتُبٍ يَّدۡرُسُوۡنَهَا

لَمَّا جَآءَهُمۡ	اِنۡ هٰذَاۤ	اِلَّا	سِحۡرٌ مُّبِيۡنٌ	وَمَا	اٰتَيۡنٰهُمۡ	مِّنۡ كُتُبٍ	يَّدۡرُسُوۡنَهَا
جب وہ آیا ان کے پاس	یہ نہیں	مگر	جادو کھلا	اور نہ	دیں ہم نے انہیں	کتابیں	کہ انہیں پڑھیں

جب وہ ان کے پاس آیا کہ یہ نہیں، مگر کھلا جادو۔ اور ہم نے انہیں (مشرکین عرب کو) کتابیں نہیں دیں کہ وہ انہیں پڑھتے ہوں

وَمَاۤ اَرۡسَلۡنَاۤ اِلَيۡهِمۡ قَبۡلَكَ مِنۡ نَّذِيۡرٍ ﴿۴۴﴾ ؕ وَكَذَّبَ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ۙ

وَمَا	اَرۡسَلۡنَا	اِلَيۡهِمۡ	قَبۡلَكَ	مِنۡ نَّذِيۡرٍ	وَكَذَّبَ	الَّذِيۡنَ	مِنۡ قَبۡلِهِمۡ
اور نہ	بھیجا ہم نے	ان کی طرف	آپ سے پہلے	کوئی ڈرانے والا	اور جھٹلایا	انہوں نے جو	ان سے پہلے

اور نہ آپ سے پہلے ان کی طرف کوئی ڈرانے والا بھیجا۔ اور جو ان سے پہلے تھے انہوں نے جھٹلایا،

ع ۵ ۹ ۱۱

وَمَا بَلَغُوۡا مِعۡشَارَ مَاۤ اٰتَيۡنٰهُمۡ فَكَذَّبُوۡا رُسُلِىۡ فَكَيۡفَ كَانَ نَكِيۡرِ ﴿۴۵﴾ قُلۡ اِنَّمَاۤ اَعِظُكُمۡ

وَمَا بَلَغُوۡا	مِعۡشَارَ	مَاۤ اٰتَيۡنٰهُمۡ	فَكَذَّبُوۡا	رُسُلِىۡ	فَكَيۡفَ	كَانَ	نَكِيۡرِ	قُلۡ	اِنَّمَاۤ	اَعِظُكُمۡ
اور وہ نہ پہنچے	دسواں حصہ	جو ہم نے انہیں دیا	سو انہوں نے جھٹلایا	میرے رسولوں کو	تو کیسا	ہوا	میرا عذاب	فرما دیں	بس صرف نصیحت کرتا ہوں تمہیں	

اور یہ (مشرکین عرب) اس کے دسویں حصے کو (بھی) نہ پہنچے جو ہم نے انہیں دیا تھا، سو انہوں نے میرے رسولوں کو جھٹلایا، تو کیسا ہوا میرا عذاب، فرما دیں میں تمہیں صرف نصیحت کرتا ہوں

بِوَاحِدَةٍ ۚ اَنۡ تَقُوۡمُوۡا لِلّٰهِ مَثۡنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوۡا ۚ مَا بِصَاحِبِكُمۡ مِّنۡ جِنَّةٍ ؕ

بِوَاحِدَةٍ	اَنۡ تَقُوۡمُوۡا	لِلّٰهِ	مَثۡنٰى	وَفُرَادٰى	ثُمَّ تَتَفَكَّرُوۡا	مَا بِصَاحِبِكُمۡ	مِّنۡ جِنَّةٍ
ایک بات کی	کہ تم کھڑے ہو جاؤ	اللہ کے واسطے	دو دو	اور اکیلے اکیلے	پھر تم غور کرو	نہیں تمہارے اس ساتھی کو	کوئی جنون

ایک بات کی کہ تم اللہ کے واسطے کھڑے ہو جاؤ دو دو اور اکیلے اکیلے، پھر تم غور کرو کہ تمہارے اس ساتھی کو کوئی جنون نہیں ہے

اِنۡ هُوَ اِلَّا نَذِيۡرٌ لَّكُمۡ بَيۡنَ يَدَىۡ عَذَابٍ شَدِيۡدٍ ﴿۴۶﴾ قُلۡ مَا سَاَلۡتُكُمۡ

اِنۡ	هُوَ	اِلَّا	نَذِيۡرٌ	لَّكُمۡ	بَيۡنَ يَدَىۡ	عَذَابٍ شَدِيۡدٍ	قُلۡ	مَا سَاَلۡتُكُمۡ
نہیں	وہ	مگر، صرف	ڈرانے والے	تمہیں	آگے (آنے سے پہلے)	سخت عذاب	فرما دیں	جو میں نے مانگا ہو تم سے

وہ تو صرف سخت عذاب آنے سے پہلے تمہیں ڈرانے والے ہیں۔ آپ فرما دیں میں نے تم سے جو مانگا ہو

مِّنْ اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ ۭ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۚ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۴۷﴾

مِنْ اَجْرٍ	فَهُوَ	لَكُمْ	اِنْ	اَجْرِيَ	اِلَّا	عَلَى اللّٰهِ	وَهُوَ	عَلٰي	كُلِّ شَيْءٍ	شَهِيْدٌ
کوئی اجر	تو وہ	تمہارا ہے	نہیں	میرا اجر	مگر صرف	اللہ کے ذمّے	اور وہ	پر۔ کی	ہر شئے	اطلاع رکھنے والا ہے

کوئی اجر، تو وہ تمہارا ہے، میرا اجر تو صرف اللہ کے ذمّے ہے، اور وہ ہر شئے کی اطلاع رکھنے والا (گواہ) ہے

قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَقْذِفُ بِالْحَقِّ ۚ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۴۸﴾ قُلْ جَاۗءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ

قُلْ	اِنَّ	رَبِّيْ	يَقْذِفُ	بِالْحَقِّ	عَلَّامُ الْغُيُوْبِ	قُلْ	جَاۗءَ الْحَقُّ	وَمَا	يُبْدِئُ
فرما دیں	بیشک	میرا رب	ڈالتا (اوپر سے اتارتا) ہے	حق کو	سب غیبوں کا جاننے والا	فرما دیں	حق آ گیا	اور نہ	پیدا کرے گا

آپؐ فرما دیں، بیشک میرا رب اوپر سے حق اتارتا ہے، اور سب غیب کی باتوں کا جاننے والا ہے۔ آپؐ فرما دیں حق آ گیا اور نہ (کسی چیز کو) پیدا کریگا

الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ ﴿۴۹﴾ قُلْ اِنْ ضَلَلْتُ فَاِنَّمَآ اَضِلُّ عَلٰي نَفْسِيْ ۚ وَاِنِ

الْبَاطِلُ	وَمَا يُعِيْدُ	قُلْ	اِنْ	ضَلَلْتُ	فَاِنَّمَا	اَضِلُّ	عَلٰي نَفْسِيْ	وَاِنِ
باطل	اور نہ لوٹائے گا	فرما دیں	اگر	میں بہکا ہوں	تو اس کے سوا نہیں	میں بہکا ہوں	اپنی جان پر (اپنے نقصان کو)	اور اگر

باطل اور نہ لوٹائے گا (دوبارہ پیدا کریگا کسی چیز کو) آپؐ فرما دیں اگر میں بہکا ہوں تو اس کے سوا نہیں کہ اپنے نقصان کو بہکا ہوں، اور اگر

اهْتَدَيْتُ فَبِمَا يُوْحِيْٓ اِلَيَّ رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ قَرِيْبٌ ﴿۵۰﴾ وَلَوْ تَرٰٓي اِذْ فَزِعُوْا

اهْتَدَيْتُ	فَبِمَا	يُوْحِيْ	اِلَيَّ	رَبِّيْ	اِنَّهٗ	سَمِيْعٌ	قَرِيْبٌ	وَلَوْ تَرٰي	اِذْ	فَزِعُوْا
میں ہدایت پر ہوں	تو اس کی بدولت	وحی کرتا ہے	میری طرف	میرا رب	بیشک وہ	سننے والا	قریب	اے کاش تم دیکھو	جب	وہ گھبرائیں گے

میں ہدایت پر ہوں تو اس کی بدولت ہوں کہ میرا رب میری طرف وحی کرتا ہے، بیشک وہ سننے والا، قریب ہے۔ اے کاش! تم دیکھو، جب وہ گھبرائیں گے

فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ﴿۵۱﴾ وَّقَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖ ۚ وَاَنّٰى لَهُمُ

فَلَا فَوْتَ	وَاُخِذُوْا	مِنْ	مَكَانٍ قَرِيْبٍ	وَقَالُوْا	اٰمَنَّا	بِهٖ	وَاَنّٰى	لَهُمُ
اور نہ بچ سکیں گے	اور پکڑ لئے جائیں گے	سے	قریب جگہ (پاس)	اور وہ کہیں گے	ہم ایمان لائے	اس پر	اور کہاں	ان کے لئے

تو (بھاگ کر) نہ بچ سکیں گے، اور پاس ہی سے پکڑ لئے جائیں گے، اور کہیں گے ہم اس (دین) پر ایمان لے آئے اور کہاں (ممکن) ہے ان کے لئے

التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۵۲﴾ وَّقَدْ كَفَرُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ۚ وَيَقْذِفُوْنَ

التَّنَاوُشُ	مِنْ	مَكَانٍ	بَعِيْدٍ	وَقَدْ كَفَرُوْا	بِهٖ	مِنْ قَبْلُ	وَ	يَقْذِفُوْنَ
پکڑنا (ہاتھ آنا)	سے	جگہ	دُور (دار الجزا)	اور تحقیق انہوں نے کفر کیا	اس سے	اس سے قبل	اور	وہ پھینکتے ہیں

دُور جگہ (دار الجزا) سے (ایمان کا) ہاتھ آنا۔ اور تحقیق انہوں نے اس سے قبل اس سے کفر کیا، اور وہ پھینکتے ہیں

بِالْغَيْبِ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۵۳﴾ وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ كَمَا

بِالْغَيْبِ	مِنْ	مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ	وَحِيْلَ	بَيْنَهُمْ	وَبَيْنَ	مَا يَشْتَهُوْنَ	كَمَا
بن دیکھے	سے	دُور جگہ	اور آڑ کر دی گئی	اُن کے درمیان	اور درمیان	جو وہ چاہتے تھے	جیسے

بن دیکھے دُور جگہ سے (اٹکل پچو باتیں کرتے ہیں)۔ جو وہ چاہتے تھے، اِس کے اور اُن کے درمیان آڑ ڈال دی گئی، جیسے

۶ ع ۹ ۱۲

فُعِلَ بِاَشْيَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا فِيْ شَكٍّ مُّرِيْبٍ ﴿۵۴﴾

فُعِلَ	بِاَشْيَاعِهِمْ	مِّنْ قَبْلُ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	فِيْ	شَكٍّ	مُّرِيْبٍ
کیا گیا	ان کے ہم جنسوں کے ساتھ	اس سے قبل	بیشک وہ	وہ تھے	میں	شک	تردّد میں ڈالنے والے

اُن کے ہم جنسوں کے ساتھ اِس سے قبل کیا گیا، بیشک وہ تردّد میں ڈالنے والے شک میں تھے۔

آیاتها ۴۵ | ۳۵ سُوْرَةُ فَاطِرٍ مَّكِّيَّةٌ ۴۳ | رکوعاتها ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰۗىِٕكَةِ رُسُلًا اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	فَاطِرِ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	جَاعِلِ	الْمَلٰۗىِٕكَةِ	رُسُلًا	اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ
تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	پیدا کرنے والا	آسمانوں	اور زمین	بنانے والا	فرشتے	پیغام بر	پروں والے

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، جو آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے، فرشتوں کو پیغام بر بنانے والا ہے، پروں والے

مَّثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۭ يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَاۗءُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ

مَّثْنٰى	وَثُلٰثَ	وَرُبٰعَ	يَزِيْدُ	فِي الْخَلْقِ	مَا يَشَاۗءُ	اِنَّ اللّٰهَ	عَلٰي	كُلِّ شَيْءٍ
دو دو	اور تین تین	اور چار چار	زیادہ کر دیتا ہے	پیدائش میں	جو وہ چاہے	بیشک اللہ	پر	ہر شے

دو دو، اور تین تین، اور چار چار، پیدائش میں جو وہ چاہے وہ زیادہ کر دیتا ہے، بیشک اللہ ہر شے پر

قَدِيْرٌ ﴿۱﴾ مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ وَمَا يُمْسِكْ ۙ

قَدِيْرٌ	مَا يَفْتَحِ	اللّٰهُ	لِلنَّاسِ	مِنْ رَّحْمَةٍ	فَلَا مُمْسِكَ	لَهَا	وَمَا يُمْسِكْ
قدرت رکھنے والا ہے	جو کھول دے	اللہ	لوگوں کے لئے	رحمت سے	تو بند کرنے والا نہیں	اس کا	اور جو وہ بند کر دے

قدرت رکھنے والا ہے۔ اللہ لوگوں کے لئے جو رحمت کھول دے تو (کوئی) اس کا بند کرنے والا نہیں، اور جو وہ بند کر دے

فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۲ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوْا

فَلَا مُرْسِلَ	لَهٗ	مِنْۢ بَعْدِهٖ	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ	اذْكُرُوْا
تو کوئی بھیجنے والا نہیں	اس کا	اس کے بعد	اور وہ	غالب	حکمت والا	اے لوگو	تم یاد کرو

تو اس کے بعد کوئی اس کا بھیجنے والا نہیں، اور وہ غالب، حکمت والا ہے۔ اے لوگو! تم یاد کرو

نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ؕ هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَ

نِعْمَتَ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	هَلْ	مِنْ خَالِقٍ	غَيْرُ اللّٰهِ	يَرْزُقُكُمْ	مِّنَ السَّمَآءِ	وَ
اللہ کی نعمت	اپنے اوپر	کیا	کوئی پیدا کرنے والا	اللہ کے سوا	وہ تمہیں رزق دیتا ہے	آسمان سے	اور

اپنے اوپر اللہ کی نعمت، کیا اللہ کے سوا کوئی پیدا کرنے والا ہے؟ وہ تمہیں آسمان سے رزق دیتا ہے، اور

الْاَرْضِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۖ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝۳ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ

الْاَرْضِ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	فَاَنّٰى	تُؤْفَكُوْنَ	وَاِنْ	يُّكَذِّبُوْكَ	فَقَدْ كُذِّبَتْ
زمین	نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	تو کہاں	الٹے پھرے جاتے ہو تم	اور اگر	وہ تجھے جھٹلائیں	تو تحقیق جھٹلائے گئے

زمین سے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں تو کہاں تم الٹے پھرے جاتے ہو؟ اور اگر وہ تجھے جھٹلائیں تو تحقیق جھٹلائے گئے ہیں

رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝۴ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ

رُسُلٌ	مِّنْ قَبْلِكَ	وَ	اِلَى اللّٰهِ	تُرْجَعُ	الْاُمُوْرُ	يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ	اِنَّ	وَعْدَ اللّٰهِ
رسول (جمع)	تم سے پہلے	اور	اللہ کی طرف	لوٹنا	تمام کام	اے لوگو	بیشک	اللہ کا وعدہ

تم سے پہلے بھی رسول، اور تمام کاموں کی بازگشت (لوٹنا) اللہ کی طرف ہے۔ اے لوگو! بے شک اللہ کا وعدہ

حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ٚ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ۝۵ اِنَّ الشَّيْطٰنَ

حَقٌّ	فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ	بِاللّٰهِ	الْغَرُوْرُ	اِنَّ الشَّيْطٰنَ
سچا	پس ہرگز تمہیں دھوکے میں نہ ڈال دے	دنیا کی زندگی	اور تمہیں دھوکے میں نہ ڈال دے	اللہ سے	دھوکہ باز	بے شک شیطان

سچا ہے، پس دنیا کی زندگی ہرگز تمہیں دھوکے میں نہ ڈال دے، اور دھوکے باز (شیطان)، تمہیں اللہ سے ہرگز دھوکے میں نہ ڈالدے۔ بیشک شیطان

لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا ؕ اِنَّمَا يَدْعُوْا حِزْبَهٗ لِيَكُوْنُوْا مِنْ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ۝۶

لَكُمْ	عَدُوٌّ	فَاتَّخِذُوْهُ	عَدُوًّا	اِنَّمَا يَدْعُوْا	حِزْبَهٗ	لِيَكُوْنُوْا	مِنْ	اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ
تمہارے لئے	دشمن	پس اسے سمجھو	دشمن	وہ تو بلاتا ہے	اپنے گروہ کو	تاکہ وہ ہوں	سے	جہنم والے

تمہارا دشمن ہے پس تم اسے دشمن (ہی) سمجھو، وہ تو اپنے گروہ کو بلاتا ہے تاکہ وہ جہنم والوں سے ہوں۔

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۬ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لَهُمْ	عَذَابٌ شَدِيْدٌ	وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوْا	الصّٰلِحٰتِ
جن لوگوں نے کفر کیا	ان کے لئے	سخت عذاب	اور جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	اچھے

جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لئے سخت عذاب ہے ، اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے

۱ ع ۱۳

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۷ اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا ؕ

لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	وَّاَجْرٌ	كَبِيْرٌ	اَفَمَنْ	زُيِّنَ	لَهٗ	سُوْٓءُ عَمَلِهٖ	فَرَاٰهُ	حَسَنًا
ان کے لئے	بخشش	اور اجر	بڑا	سو کیا جس	آراستہ کیا گیا	اسکے لئے	اس کا برا عمل	پھر اس نے دیکھا اسے	اچھا

ان کے لئے بخشش اور بڑا اجر ہے ۔ سو کیا جس کے لئے اس کا برا عمل آراستہ کیا گیا ، پھر اس نے اس کو اچھا دیکھا (سمجھا) (کیا وہ نیکوکار جیسا ہو سکتا ہے)

فَاِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۖ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ

فَاِنَّ اللّٰهَ	يُضِلُّ	مَنْ يَّشَآءُ	وَيَهْدِيْ	مَنْ يَّشَآءُ	فَلَا تَذْهَبْ	نَفْسُكَ
پس بیشک اللہ	گمراہ ٹھہراتا ہے	جس کو وہ چاہتا ہے	اور ہدایت دیتا ہے	جس کو وہ چاہتا ہے	پس نہ جاتی رہے	تمہاری جان

پس بے شک جس کو اللہ چاہتا ہے گمراہ ٹھہراتا ہے اور جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے ، پس تمہاری جان نہ جاتی رہے

عَلَيْهِمْ حَسَرٰتٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۸ وَاللّٰهُ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ

عَلَيْهِمْ	حَسَرٰتٍ	اِنَّ اللّٰهَ	عَلِيْمٌ	بِمَا	يَصْنَعُوْنَ	وَاللّٰهُ	الَّذِيْٓ	اَرْسَلَ
ان پر	حسرت کر کے	بیشک اللہ	جاننے والا	اسے جو	وہ کرتے ہیں	اور اللہ	وہ جس نے	بھیجا

ان پر حسرت کر کے ، بیشک جو وہ کرتے ہیں اللہ اسے جانتا ہے ۔ اور اللہ (وہی ہے) جس نے بھیجا

الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَسُقْنٰهُ اِلٰى بَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَحْيَيْنَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ

الرِّيٰحَ	فَتُثِيْرُ	سَحَابًا	فَسُقْنٰهُ	اِلٰى	بَلَدٍ مَّيِّتٍ	فَاَحْيَيْنَا	بِهٖ	الْاَرْضَ	بَعْدَ مَوْتِهَا
ہوائیں	پھر وہ اٹھاتی ہیں	بادل	پھر ہم اسے لے گئے	طرف	مردہ شہر	پھر ہم نے زندہ کیا	اس سے	زمین	اس کے مرنے کے بعد

ہواؤں کو، پھر وہ بادلوں کو اٹھاتی ہیں، پھر ہم اس (بادل) کو مردہ شہر کی طرف لے گئے، پھر ہم نے اس سے زمین کو اسکے مرنے (بنجر ہوجانے) کے بعد زندہ کیا،

كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ ۹ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِيْعًا ؕ اِلَيْهِ يَصْعَدُ

كَذٰلِكَ	النُّشُوْرُ	مَنْ	كَانَ يُرِيْدُ	الْعِزَّةَ	فَلِلّٰهِ	الْعِزَّةُ	جَمِيْعًا	اِلَيْهِ	يَصْعَدُ
اسی طرح	جی اٹھنا	جو کوئی	چاہتا ہے	عزت	تو اللہ کے لئے	عزت	تمام تر	اس کی طرف	چڑھتا ہے

اسی طرح (مُردوں کو روزِ حشر) جی اٹھنا ہے ۔ جو کوئی عزت چاہتا ہے تو تمام تر عزت اللہ کے لئے ہے ۔ اسی کی طرف چڑھتا ہے ،

الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ ؕ وَالَّذِيْنَ يَمْكُرُوْنَ السَّيِّاٰتِ لَهُمْ

الْكَلِمُ الطَّيِّبُ	وَالْعَمَلُ	الصَّالِحُ	يَرْفَعُهٗ	وَالَّذِيْنَ	يَمْكُرُوْنَ	السَّيِّاٰتِ	لَهُمْ
کلام پاکیزہ	اور عمل	اچھا	وہ اس کو بلند کرتا ہے	اور جو لوگ	تدبیریں کرتے ہیں	بُری	ان کے لئے

پاکیزہ کلام، اور اچھے عمل کو (اللہ) بلند کرتا ہے، اور جو لوگ بُری تدبیریں کرتے ہیں، ان کے لئے

عَذَابٌ شَدِيْدٌ ؕ وَمَكْرُ اُولٰٓئِكَ هُوَ يَبُوْرُ ﴿۱۰﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ

عَذَابٌ شَدِيْدٌ	وَمَكْرُ	اُولٰٓئِكَ	هُوَ يَبُوْرُ	وَاللّٰهُ	خَلَقَكُمْ	مِّنْ تُرَابٍ	ثُمَّ
عذاب سخت	اور تدبیر	ان لوگوں	وہ اکارت جائے گی	اور اللہ	اسی نے پیدا کیا تمہیں	مٹی سے	پھر

سخت عذاب ہے، اور ان لوگوں کی تدبیر اکارت جائے گی۔ اور اللہ (ہی) نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا، پھر

مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ اَزْوَاجًا ؕ وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ؕ

مِنْ نُّطْفَةٍ	ثُمَّ جَعَلَكُمْ	اَزْوَاجًا	وَمَا	تَحْمِلُ	مِنْ اُنْثٰى	وَلَا تَضَعُ	اِلَّا	بِعِلْمِهٖ
نطفہ سے	پھر اس نے تمہیں بنایا	جوڑے جوڑے	اور نہ	حاملہ ہوتی ہے	کوئی عورت	اور نہ وہ جنتی ہے	مگر	اسکے علم میں ہے

نطفہ سے، پھر تمہیں جوڑے جوڑے بنایا، اور نہ کوئی عورت حاملہ ہوتی ہے، اور نہ وہ جنتی ہے، مگر اس کے علم میں ہے؛

وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖٓ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

وَمَا	يُعَمَّرُ	مِنْ مُّعَمَّرٍ	وَّلَا يُنْقَصُ	مِنْ عُمُرِهٖٓ	اِلَّا	فِيْ كِتٰبٍ	اِنَّ	ذٰلِكَ	عَلَى اللّٰهِ
اور نہیں	عمر پاتا	کوئی بڑی عمر والا	اور نہ کمی کی جاتی ہے	اس کی عمر سے	مگر	کتاب میں	بیشک	یہ	اللہ پر

اور کوئی بڑی عمر والا عمر نہیں پاتا، اور نہ کسی کی عمر سے کمی کی جاتی ہے مگر (یہ سب) کتاب (لوحِ محفوظ) میں لکھا ہوا ہے۔ یہ بیشک اللہ پر

يَسِيْرٌ ﴿۱۱﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرٰنِ ۖ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَآئِغٌ شَرَابُهٗ وَهٰذَا

يَسِيْرٌ	وَمَا يَسْتَوِي	الْبَحْرٰنِ	هٰذَا	عَذْبٌ فُرَاتٌ	سَآئِغٌ شَرَابُهٗ	وَهٰذَا
آسان	اور برابر نہیں	دونوں دریا	یہ	شیریں پیاس بجھانے والا	آسان اس کا پینا	اور یہ

آسان ہے۔ اور دونوں دریا برابر نہیں، یہ (ایک) شیریں ہے پیاس بجھانے والا، اس کا پینا بھی آسان؛ اور یہ (دوسرا)

مِلْحٌ اُجَاجٌ ؕ وَمِنْ كُلٍّ تَاْكُلُوْنَ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ

مِلْحٌ اُجَاجٌ	وَمِنْ كُلٍّ	تَاْكُلُوْنَ	لَحْمًا	طَرِيًّا	وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ	حِلْيَةً	تَلْبَسُوْنَهَا
شور تلخ	اور ہر ایک سے	تم کھاتے ہو	گوشت	تازہ	اور تم نکالتے ہو	زیور	جس کو پہنتے ہو تم

شور تلخ ہے، اور ہر ایک سے تم تازہ گوشت کھاتے ہو، اور (ان میں سے) تم زیور (موتی) نکالتے ہو، جس کو تم پہنتے ہو،

وَتَرَى الْفُلْكَ فِيهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿١٢﴾

وَتَرَى	الْفُلْكَ	فِيهِ	مَوَاخِرَ	لِتَبْتَغُوا	مِنْ فَضْلِهِ	وَلَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُونَ
اور تو دیکھتا ہے	کشتیاں	اس میں	چیرتی ہیں پانی کو	تاکہ تم تلاش کرو	اس کے فضل سے (روزی)	اور تاکہ تم	تم شکر کرو

اور تو اس میں کشتیاں دیکھتا ہے کہ پانی کو چیرتی (ہوئی چلتی ہیں) تاکہ تم اس کے فضل سے روزی تلاش کرو، اور تاکہ تم شکر کرو۔

يُولِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ

يُولِجُ الَّيْلَ	فِي النَّهَارِ	وَ	يُولِجُ النَّهَارَ	فِي الَّيْلِ	وَسَخَّرَ	الشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ
وہ داخل کرتا ہے رات	دن میں	اور	داخل کرتا ہے دن کو	رات میں	اور اس نے مسخر کیا	سورج	اور چاند

اور رات کو دن میں داخل کرتا ہے، اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے، اور اس نے سورج اور چاند کو مسخر کیا،

كُلٌّ يَّجْرِي لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ وَالَّذِينَ

كُلٌّ يَّجْرِي	لِاَجَلٍ	مُّسَمًّى	ذٰلِكُمُ اللّٰهُ	رَبُّكُمْ	لَهُ الْمُلْكُ	وَالَّذِينَ
ہر ایک چلتا ہے	ایک وقت	مقررہ	یہی ہے اللہ	تمہارا پروردگار	اس کے لئے بادشاہت	اور جن کو

ہر ایک مقررہ وقت تک چلتا ہے، یہی تمہارا پروردگار ہے، اسی کے لئے ہے بادشاہت، اور جن کو

تَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ مَا يَمْلِكُونَ مِنْ قِطْمِيرٍ ﴿١٣﴾ اِنْ تَدْعُوهُمْ لَا يَسْمَعُوا

تَدْعُونَ	مِنْ دُونِهِ	مَا يَمْلِكُونَ	مِنْ قِطْمِيرٍ	اِنْ	تَدْعُوهُمْ	لَا يَسْمَعُوا
تم پکارتے ہو	اس کے سوا	وہ مالک نہیں	کھجور کی گٹھلی کا چھلکا	اگر	تم ان کو پکارو	وہ نہیں سنیں گے

تم اس کے سوا پکارتے ہو، وہ کھجور کی گٹھلی کے چھلکے (کے برابر بھی) مالک نہیں۔ اور تم ان کو پکارو تو وہ نہیں سنیں گے

دُعَآءَكُمْ وَلَوْ سَمِعُوا مَا اسْتَجَابُوا لَكُمْ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُونَ بِشِرْكِكُمْ

دُعَآءَكُمْ	وَ	لَوْ	سَمِعُوا	مَا اسْتَجَابُوا	لَكُمْ	وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ	يَكْفُرُونَ	بِشِرْكِكُمْ
تمہاری پکار (دعا)	اور	اگر	وہ سن لیں	وہ حاجت پوری نہ کر سکیں گے	تمہاری	اور روز قیامت	وہ انکار کریں گے	تمہارے شرک کرنے کا

تمہاری پکار، اور اگر وہ سن بھی لیں تو تمہاری حاجت پوری نہ کر سکیں گے، اور وہ روز قیامت تمہارے شرک کرنے کا انکار کریں گے،

٢ ع ١٤

وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيرٍ ﴿١٤﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَى اللّٰهِ وَاللّٰهُ

وَلَا يُنَبِّئُكَ	مِثْلُ	خَبِيرٍ	يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ	اَنْتُمُ	الْفُقَرَآءُ	اِلَى اللّٰهِ	وَاللّٰهُ
اور تجھ کو خبر نہ دے گا	مانند	خبر دینے والا	اے لوگو!	تم	محتاج	اللہ کے	اور اللہ

اور تجھ کو خبر دینے والے (اللہ) کی مانند کوئی خبر نہ دے گا۔ اے لوگو! تم اللہ کے محتاج ہو، اور اللہ

هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۱۵﴾ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿۱۶﴾ وَمَا ذٰلِكَ

هُوَ	الْغَنِيُّ	الْحَمِيْدُ	اِنْ يَّشَاْ	يُذْهِبْكُمْ	وَيَاْتِ	بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ	وَمَا	ذٰلِكَ
وہ	بے نیاز	سزاوارِ حمد	اگر وہ چاہے	تمہیں لے جائے	اور لے آئے وہ	نئی خلقت	اور نہیں	یہ

ہی بے نیاز سزاوارِ حمد وثنا ہے۔ اگر وہ چاہے تو تم (سب کو) لے جائے (نابود کر دے) اور نئی خلقت لے آئے۔ اور یہ نہیں ہے

عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ﴿۱۷﴾ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ وَاِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ اِلٰى حِمْلِهَا

عَلَى اللّٰهِ	بِعَزِيْزٍ	وَلَا تَزِرُ	وَازِرَةٌ	وِزْرَ اُخْرٰى	وَاِنْ	تَدْعُ	مُثْقَلَةٌ	اِلٰى حِمْلِهَا
اللہ پر	دشوار	اور نہیں اٹھائے گا	کوئی اٹھانے والا	بوجھ دوسرے کا	اور اگر	بلائے	کوئی بوجھ سے لدا ہوا	طرف، لئے اپنا بوجھ

اللہ پر (کچھ) دشوار۔ اور کوئی اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا، اور اگر کوئی بوجھ سے لدا ہوا (گنہگار کسی کو) اپنا بوجھ (اٹھانے) کے لئے بلائے

لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ؕ اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ

لَا يُحْمَلْ	مِنْهُ	شَيْءٌ	وَلَوْ كَانَ	ذَا قُرْبٰى	اِنَّمَا	تُنْذِرُ	الَّذِيْنَ	يَخْشَوْنَ	رَبَّهُمْ
نہ اٹھائے گا وہ	اس سے	کچھ	خواہ ہوں	قرابت دار	اسکے سوا نہیں (صرف)	آپ ڈراتے ہیں	وہ لوگ جو	ڈرتے ہیں	اپنا رب

تو وہ اس سے کچھ نہ اٹھائے گا، خواہ اس کا قرابت دار ہو، آپ تو صرف ان کو ڈراتے (نصیحت کر سکتے ہیں) جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں

بِالْغَيْبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَمَنْ تَزَكّٰى فَاِنَّمَا يَتَزَكّٰى لِنَفْسِهٖ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ

بِالْغَيْبِ	وَاَقَامُوا	الصَّلٰوةَ	وَمَنْ	تَزَكّٰى	فَاِنَّمَا	يَتَزَكّٰى	لِنَفْسِهٖ	وَاِلَى اللّٰهِ
بن دیکھے	اور قائم رکھتے ہیں	نماز	اور جو	پاک ہوتا ہے	تو صرف	وہ پاک صاف ہوتا ہے	خود اپنے لئے	اور اللہ کی طرف

بن دیکھے، اور نماز قائم رکھتے ہیں، اور جو پاک ہوتا ہے وہ صرف اپنے لئے پاک صاف ہوتا ہے، اور اللہ کی طرف ہی

الْمَصِيْرُ ﴿۱۸﴾ وَمَا يَسْتَوِى الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ﴿۱۹﴾ وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ ﴿۲۰﴾

الْمَصِيْرُ	وَمَا يَسْتَوِى	الْاَعْمٰى	وَالْبَصِيْرُ	وَلَا الظُّلُمٰتُ	وَلَا النُّوْرُ
لوٹ کر جانا	اور برابر نہیں	اندھا	اور آنکھوں والا	اور نہ اندھیرے	اور نہ روشنی

لوٹ کر جانا ہے۔ اور برابر نہیں اندھا اور آنکھوں والا، اور نہ اندھیرے اور نہ نور (روشنی) (برابر ہیں)۔

وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ ﴿۲۱﴾ وَمَا يَسْتَوِى الْاَحْيَآءُ وَلَا الْاَمْوَاتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

وَلَا الظِّلُّ	وَلَا الْحَرُوْرُ	وَمَا يَسْتَوِى	الْاَحْيَآءُ	وَلَا	الْاَمْوَاتُ	اِنَّ اللّٰهَ
اور نہ سایہ	اور نہ جھلستی ہوا	اور نہیں برابر	زندے	اور نہ	مردے	بیشک اللہ

اور نہ سایہ اور نہ جھلستی ہوا۔ اور برابر نہیں زندے (عالم) اور نہ مردے (جاہل) بیشک اللہ

يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِى الْقُبُوْرِ ﴿۲۲﴾ اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِيْرٌ ﴿۲۳﴾

يُسْمِعُ	مَنْ يَّشَآءُ	وَمَآ اَنْتَ	بِمُسْمِعٍ	مَّنْ	فِى الْقُبُوْرِ	اِنْ اَنْتَ	اِلَّا	نَذِيْرٌ
سُنا دیتا ہے	جس کو وہ چاہتا ہے	اور تم نہیں	سنانے والے	جو	قبروں میں	تم نہیں	مگر صرف	ڈرانے والے

جس کو چاہتا ہے سُنا دیتا ہے اور تم (اُن کو) سُنانے والے نہیں جو قبروں میں ہیں۔ بلکہ تم صرف ڈرانے والے ہو۔

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۭ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ ﴿۲۴﴾

اِنَّآ	اَرْسَلْنٰكَ	بِالْحَقِّ	بَشِيْرًا	وَّنَذِيْرًا	وَاِنْ	مِّنْ اُمَّةٍ	اِلَّا خَلَا	فِيْهَا	نَذِيْرٌ
بیشک ہم	ہم نے آپ ؐ کو بھیجا	حق کے ساتھ	خوشخبری دینے والا	اور ڈر سنانے والا	اور نہیں	کوئی امت	مگر گزرا	اس میں	کوئی ڈرانے والا

بیشک ہم نے آپ ؐ کو حق کے ساتھ بھیجا، خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانے والا، اور کوئی امت نہیں جس میں کوئی ڈرانے والا نہ گزرا ہو۔

وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ

وَاِنْ	يُّكَذِّبُوْكَ	فَقَدْ كَذَّبَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	جَآءَتْهُمْ	رُسُلُهُمْ
اور اگر	وہ تمہیں جھٹلائیں	تو تحقیق جھٹلایا	وہ لوگ جو	ان سے اگلے	آئے ان کے پاس	ان کے رسول

اور اگر وہ تمہیں جھٹلائیں، تو تحقیق ان کے اگلے لوگوں نے بھی جھٹلایا، ان کے پاس ان کے رسول آئے،

بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالزُّبُرِ وَبِالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿۲۵﴾ ثُمَّ اَخَذْتُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَكَيْفَ

بِالْبَيِّنٰتِ	وَبِالزُّبُرِ	وَبِالْكِتٰبِ	الْمُنِيْرِ	ثُمَّ	اَخَذْتُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	فَكَيْفَ
روشن دلائل کے ساتھ	اور صحیفوں کے ساتھ	اور کتابوں کے ساتھ	روشن	پھر	میں نے پکڑا	وہ جنہوں نے کفر کیا	پھر کیسا

روشن دلائل (نشانات) اور صحیفوں اور روشن کتابوں کے ساتھ۔ پھر جن لوگوں نے کفر کیا میں نے اُنہیں پکڑا، پھر کیسا

۳ ع ۱۴ ۱۵

كَانَ نَكِيْرِ ﴿۲۶﴾ ع اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ ثَمَرٰتٍ

كَانَ	نَكِيْرِ	اَلَمْ تَرَ	اَنَّ اللّٰهَ	اَنْزَلَ	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	فَاَخْرَجْنَا	بِهٖ	ثَمَرٰتٍ
ہوا	میرا عذاب	کیا تو نے نہیں دیکھا	بیشک اللہ	اُتارا	آسمان سے	پانی	پھر ہم نے نکالے	اس سے	پھل (جمع)

ہوا میرا عذاب ؟ کیا تو نے نہیں دیکھا؟ بے شک اللہ نے آسمان سے پانی اتارا، پھر ہم نے اس سے پھل نکالے،

مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهَا ۭ وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌۢ بِيْضٌ وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا

مُّخْتَلِفًا	اَلْوَانُهَا	وَ	مِنَ الْجِبَالِ	جُدَدٌۢ بِيْضٌ	وَّحُمْرٌ	مُّخْتَلِفٌ	اَلْوَانُهَا
مختلف	ان کے رنگ	اور	پہاڑوں سے ہیں	قطعات سفید	اور سرخ	مختلف	ان کے رنگ

ان کے رنگ مختلف ہیں، اور پہاڑوں میں قطعات (گھاٹیاں) ہیں سفید اور سُرخ، ان کے رنگ مختلف ہیں،

وَغَرَابِيبُ سُودٌ ﴿٢٧﴾ وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَابِّ وَالْأَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ كَذَٰلِكَ

وَغَرَابِيبُ	سُودٌ	وَمِنَ النَّاسِ	وَالدَّوَابِّ	وَالْأَنْعَامِ	مُخْتَلِفٌ	أَلْوَانُهُ	كَذَٰلِكَ
گہرے رنگ	سیاہ	اور لوگوں سے ۔ ہیں	اور جانور (جمع)	اور چوپائے	مختلف	ان کے رنگ	اسی طرح

اور (دیکھ) گہرے سیاہ رنگ کے۔ اور اسی طرح لوگوں ہیں، اور جانوروں اور چوپایوں ہیں، ان کے رنگ مختلف ہیں،

إِنَّمَا يَخْشَى اللَّهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءُ ۗ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ غَفُورٌ ﴿٢٨﴾ إِنَّ

إِنَّمَا	يَخْشَى	اللَّهَ	مِنْ	عِبَادِهِ	الْعُلَمَاءُ	إِنَّ اللَّهَ	عَزِيزٌ	غَفُورٌ	إِنَّ
اس کے سوا نہیں	ڈرتے ہیں	اللہ	سے	اسکے بندے	علم والے	بے شک اللہ	غالب	بخشنے والا	بیشک

اس کے سوا نہیں کہ اللہ سے اس کے علم والے بندے (ہی) ڈرتے ہیں، بیشک اللہ غالب، بخشنے والا ہے ۔ بیشک

الَّذِينَ يَتْلُونَ كِتَابَ اللَّهِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَنْفَقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرًّا وَ

الَّذِينَ	يَتْلُونَ	كِتَابَ اللَّهِ	وَأَقَامُوا	الصَّلَاةَ	وَأَنْفَقُوا	مِمَّا	رَزَقْنَاهُمْ	سِرًّا	وَ
وہ لوگ جو	جو پڑھتے ہیں	اللہ کی کتاب	اور قائم رکھتے ہیں	نماز	اور خرچ کرتے ہیں	اس سے جو	ہم نے انہیں دیا	پوشیدہ	اور

جو لوگ اللہ کی کتاب پڑھتے ہیں، اور نماز قائم رکھتے ہیں، اور جو ہم نے انہیں دیا اس میں سے خرچ کرتے ہیں پوشیدہ اور

عَلَانِيَةً يَرْجُونَ تِجَارَةً لَنْ تَبُورَ ﴿٢٩﴾ لِيُوَفِّيَهُمْ أُجُورَهُمْ وَيَزِيدَهُمْ

عَلَانِيَةً	يَرْجُونَ	تِجَارَةً	لَنْ تَبُورَ	لِيُوَفِّيَهُمْ	أُجُورَهُمْ	وَيَزِيدَهُمْ
علانیہ (ظاہر)	وہ امید رکھتے ہیں	ایسی تجارت	ہرگز گھاٹا نہیں	تاکہ وہ پورے پورے دے	ان کے اجر	اور وہ انہیں زیادہ دے

ظاہر وہ ایسی تجارت کے امیدوار ہیں (جس میں) ہرگز گھاٹا نہیں" تاکہ اللہ انہیں ان کے اجر (ثواب) پورے پورے دے اور انہیں (اور) زیادہ دے

مِنْ فَضْلِهِ ۚ إِنَّهُ غَفُورٌ شَكُورٌ ﴿٣٠﴾ وَالَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ مِنَ الْكِتَابِ هُوَ

مِنْ فَضْلِهِ	إِنَّهُ	غَفُورٌ	شَكُورٌ	وَالَّذِي	أَوْحَيْنَا	إِلَيْكَ	مِنَ الْكِتَابِ	هُوَ
اپنے فضل سے	بیشک وہ	بخشنے والا	قدردان	اور وہ جو	ہم نے وحی بھیجی ہے	تمہاری طرف	کتاب	وہ

اپنے فضل سے، بیشک وہ بخشنے والا، قدردان ہے ۔ اور وہ جو ہم نے تمہاری طرف کتاب بھیجی ہے ، وہ

الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ بِعِبَادِهِ لَخَبِيرٌ بَصِيرٌ ﴿٣١﴾

الْحَقُّ	مُصَدِّقًا	لِمَا	بَيْنَ يَدَيْهِ	إِنَّ اللَّهَ	بِعِبَادِهِ	لَخَبِيرٌ	بَصِيرٌ
حق	تصدیق کرنے والی	اس کی جو	ان کے پاس	بیشک اللہ	اپنے بندوں سے	البتہ باخبر	دیکھنے والا

حق ہے، اس کی تصدیق کرنے والی ہے جو ان کے پاس ہے، بیشک اللہ اپنے بندوں سے باخبر ہے دیکھنے والا ہے۔

ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا ۚ فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ

ثُمَّ	اَوْرَثْنَا	الْكِتٰبَ	الَّذِيْنَ	اصْطَفَيْنَا	مِنْ	عِبَادِنَا	فَمِنْهُمْ	ظَالِمٌ	لِّنَفْسِهٖ
پھر	ہم نے وارث بنایا	کتاب	وہ جنہیں	ہم نے چنا	سے۔کو	اپنے بندے	پس ان سے (کوئی)	ظلم کرنے والا	اپنی جان پر

پھر ہم نے اپنے چنے ہوئے بندوں کو کتاب کا وارث بنایا، پس ان میں سے کوئی اپنی جان پر ظلم کرنے والا ہے،

وَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ۚ وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۗ ذٰلِكَ هُوَ

وَ	مِنْهُمْ	مُّقْتَصِدٌ	وَمِنْهُمْ	سَابِقٌۢ	بِالْخَيْرٰتِ	بِاِذْنِ اللّٰهِ	ذٰلِكَ	هُوَ
اور	ان سے (کوئی)	میانہ رَو	اور ان سے (کوئی)	سبقت لیجانے والا	نیکیوں میں	حکم سے اللہ کے	یہ	وہ (یہی)

اور ان میں سے کوئی میانہ رَو ہے، اور ان میں سے کوئی اللہ کے حکم سے نیکیوں میں سبقت لے جانے والا ہے، یہی ہے

الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ﴿٣٢﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ

الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ	جَنّٰتُ عَدْنٍ	يَّدْخُلُوْنَهَا	يُحَلَّوْنَ	فِيْهَا	مِنْ	اَسَاوِرَ
فضل بڑا	باغات ہمیشگی کے	وہ ان میں داخل ہوں گے	وہ زیور پہنائے جائیں گے	ان میں	سے۔کا	کنگن (جمع)

بڑا فضل۔ ہمیشگی کے باغات ہیں، جن میں وہ داخل ہوں گے ان میں کنگنوں کے زیور پہنائے جائیں گے،

مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۚ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿٣٣﴾ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ

مِنْ	ذَهَبٍ	وَّلُؤْلُؤًا	وَلِبَاسُهُمْ	فِيْهَا	حَرِيْرٌ	وَقَالُوا	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِيْٓ
سے	سونا	اور موتی	اور ان کا لباس	اس میں	ریشم	اور وہ کہیں گے	تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	وہ جس نے

سونے اور موتی کے، اور ان میں ان کا لباس ریشم کا ہو گا۔ اور وہ کہیں گے تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، جس نے

اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ۗ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرُ ﴿٣٤﴾ ۙ الَّذِيْٓ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ

اَذْهَبَ	عَنَّا	الْحَزَنَ	اِنَّ	رَبَّنَا	لَغَفُوْرٌ	شَكُوْرُ	الَّذِيْٓ	اَحَلَّنَا	دَارَ الْمُقَامَةِ
دُور کر دیا	ہم سے	غم	بیشک	ہمارا رب	البتہ بخشنے والا	قدر دان	وہ جس	ہمیں اتارا	ہمیشہ رہنے کا گھر

ہم سے غم دُور کر دیا، بیشک ہمارا رب بخشنے والا ہے، قدردان ہے۔ وہ جس نے ہمیں ہمیشہ رہنے کے گھر میں اتارا

مِنْ فَضْلِهٖ ۚ لَا يَمَسُّنَا فِيْهَا نَصَبٌ وَّلَا يَمَسُّنَا فِيْهَا لُغُوْبٌ ﴿٣٥﴾ وَالَّذِيْنَ

مِنْ	فَضْلِهٖ	لَا يَمَسُّنَا	فِيْهَا	نَصَبٌ	وَلَا يَمَسُّنَا	فِيْهَا	لُغُوْبٌ	وَ	الَّذِيْنَ
سے	اپنا فضل	نہ ہمیں چھوئے گی	اس میں	کوئی تکلیف	اور نہ ہمیں چھوئے گی	اس میں	تھکاوٹ	اور	وہ جن لوگوں نے

اپنے فضل سے، نہ اس میں ہمیں کوئی تکلیف چھوئے گی اور نہ ہمیں اس میں کوئی تھکاوٹ چھوئے گی۔ اور جن لوگوں نے

كَفَرُوْا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ ۚ لَا يُقْضٰى عَلَيْهِمْ فَيَمُوْتُوْا وَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ

كَفَرُوْا	لَهُمْ	نَارُ جَهَنَّمَ	لَا يُقْضٰى	عَلَيْهِمْ	فَيَمُوْتُوْا	وَلَا يُخَفَّفُ	عَنْهُمْ
کفر کیا انہوں نے	ان کے لئے	جہنم کی آگ	نہ قضا آئے گی	ان پر	کہ وہ مر جائیں	اور نہ ہلکا کیا جائے گا	ان سے

کفر کیا ان کے لئے جہنم کی آگ ہے، نہ ان پر قضا آئے گی کہ وہ مر جائیں، اور نہ ان سے ہلکا کیا جائے گا

مِّنْ عَذَابِهَا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِيْ كُلَّ كَفُوْرٍ ۝۳۶ وَهُمْ يَصْطَرِخُوْنَ فِيْهَا ۚ رَبَّنَآ

مِنْ	عَذَابِهَا	كَذٰلِكَ	نَجْزِيْ	كُلَّ	كَفُوْرٍ	وَهُمْ	يَصْطَرِخُوْنَ	فِيْهَا	رَبَّنَا
سے۔ کچھ	اس کا عذاب	اسی طرح	ہم سزا دیتے ہیں	ہر ناشکرے		اور وہ	چلائیں گے	دوزخ میں	اے ہمارے پروردگار

دوزخ کا کچھ عذاب، اسی طرح ہم ہر ناشکرے کو سزا دیتے ہیں۔ اور وہ دوزخ کے اندر چلائے جائیں گے، تو اے ہمارے پروردگار!

اَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ؕ اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ

اَخْرِجْنَا	نَعْمَلْ	صَالِحًا	غَيْرَ	الَّذِيْ	كُنَّا نَعْمَلُ	اَوَ	لَمْ نُعَمِّرْكُمْ	مَا يَتَذَكَّرُ
ہمیں نکال لے	ہم عمل کریں	نیک	برعکس	اس کے جو	ہم کرتے تھے	کیا	ہم نے تمہیں عمر نہ دی تھی	کہ نصیحت پکڑ لیتا وہ

ہمیں (یہاں سے) نکال لے کہ ہم نیک عمل کریں، اس کے برعکس جو ہم کرتے تھے، کیا ہم نے تمہیں (اتنی) عمر نہ دی تھی کہ وہ نصیحت پکڑ لیتا

فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ النَّذِيْرُ ؕ فَذُوْقُوْا فَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ۝۳۷

فِيْهِ	مَنْ	تَذَكَّرَ	وَجَآءَكُمُ	النَّذِيْرُ	فَذُوْقُوْا	فَمَا	لِلظّٰلِمِيْنَ	مِنْ نَّصِيْرٍ
اس میں	جو جس	نصیحت پکڑتا	اور آیا تمہارے پاس	ڈرانے والا	سو چکھو تم	پس نہیں	ظالموں کے لئے	کوئی مددگار

اس میں جسے نصیحت پکڑنی ہوتی، اور تمہارے پاس ڈرانے والا (بھی) آیا، سو تم (اب انکار کا مزہ) چکھو، ظالموں کے لئے کوئی مددگار نہیں۔

اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَيْبِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۳۸

اِنَّ اللّٰهَ	عٰلِمُ	غَيْبِ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	اِنَّهٗ	عَلِيْمٌ	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ
بے شک اللہ	جاننے والا	آسمانوں کی پوشیدہ باتیں	اور زمین	بیشک وہ	باخبر	سینوں (دلوں) کے بھیدوں سے

بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتیں جاننے والا ہے، بیشک وہ ان کے سینوں کے بھیدوں سے باخبر ہے۔

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ ؕ فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ؕ وَ

هُوَ	الَّذِيْ	جَعَلَكُمْ	خَلٰٓئِفَ	فِي الْاَرْضِ	فَمَنْ كَفَرَ	فَعَلَيْهِ	كُفْرُهٗ	وَ
وہی	جس نے	تمہیں بنایا	جانشین	زمین میں	سو جس نے کفر کیا	تو اسی پر	اس کا کفر	اور

وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں جانشین بنایا، سو جس نے کفر کیا تو اسی پر ہے اس کے کفر (کا وبال)، اور

لَا يَزِيدُ الْكٰفِرِينَ كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ إِلَّا مَقْتًا ۚ وَلَا يَزِيدُ الْكٰفِرِينَ

لَا يَزِيدُ	الْكٰفِرِينَ	كُفْرُهُمْ	عِنْدَ	رَبِّهِمْ	إِلَّا	مَقْتًا	وَلَا يَزِيدُ	الْكٰفِرِينَ
نہیں بڑھاتا	کافر (جمع)	ان کا کفر	نزدیک	ان کا رب	سوائے	ناراضی (غضب)	اور نہیں بڑھاتا	کافر (جمع)

اور کافروں کو ان کے رب کے نزدیک ان کا کفر غضب کے سوا کچھ نہیں بڑھاتا ، اور کافروں کو نہیں بڑھاتا

كُفْرُهُمْ إِلَّا خَسَارًا ﴿٣٩﴾ قُلْ أَرَءَيْتُمْ شُرَكَآءَكُمُ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ ؕ

كُفْرُهُمْ	إِلَّا	خَسَارًا	قُلْ	أَرَءَيْتُمْ	شُرَكَآءَكُمُ	الَّذِينَ	تَدْعُونَ	مِنْ دُونِ اللّٰهِ
ان کا کفر	سوائے	خسارہ	فرمادیں	کیا تم نے دیکھا	اپنے شریک	وہ جنہیں	تم پکارتے ہو	اللہ کے سوا

ان کا کفر خسارے کے سوا۔ آپؐ فرمادیں کیا تم نے اپنے شریکوں کو دیکھا جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو

أَرُونِي مَاذَا خَلَقُوا مِنَ الْأَرْضِ أَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ۚ أَمْ

أَرُونِي	مَاذَا	خَلَقُوا	مِنَ	الْأَرْضِ	أَمْ	لَهُمْ	شِرْكٌ	فِي السَّمٰوٰتِ	أَمْ
تم مجھے دکھاؤ	کیا	انہوں نے پیدا کیا	سے	زمین	یا	ان کے لئے	ساجھا	آسمانوں میں	یا

تم مجھے دکھاؤ انہوں نے زمین سے کیا پیدا کیا ہے ؟ یا آسمانوں (کے بنانے میں) ان کا کیا ساجھا ہے ؟ یا

أٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰى بَيِّنَتٍ مِنْهُ ۚ بَلْ إِنْ يَعِدُ الظّٰلِمُونَ بَعْضُهُمْ

أٰتَيْنٰهُمْ	كِتٰبًا	فَهُمْ	عَلٰى بَيِّنَتٍ	مِنْهُ	بَلْ	إِنْ	يَعِدُ	الظّٰلِمُونَ	بَعْضُهُمْ
ہم نے دی انہیں	کوئی کتاب	پس (کہ) وہ	دلیل (سند) پر	اس سے رکی	بلکہ	نہیں	وعدے کرتے	ظالم (جمع)	ان کے بعض (ایک)

ہم نے انہیں کوئی کتاب دی ہے کہ وہ اس کی سند پر ہوں (سند رکھتے ہوں) بلکہ ظالم ایک دوسرے سے وعدے نہیں کرتے

بَعْضًا إِلَّا غُرُورًا ﴿٤٠﴾ إِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ أَنْ تَزُولَا ۚ

بَعْضًا	إِلَّا	غُرُورًا	إِنَّ	اللّٰهَ	يُمْسِكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْأَرْضَ	أَنْ	تَزُولَا
بعض (دوسرے) سے	سوائے	دھوکہ	بیشک	اللہ	تھام رکھا ہے	آسمان (جمع)	اور زمین	کہ	ٹل جائیں وہ

دھوکے کے سوا۔ بے شک اللہ نے تھام رکھا ہے آسمانوں کو اور زمین کو کہ وہ ٹل (نہ) جائیں،

وَلَئِنْ زَالَتَا إِنْ أَمْسَكَهُمَا مِنْ أَحَدٍ مِنْ بَعْدِهِ ۚ إِنَّهُ كَانَ حَلِيمًا غَفُورًا ﴿٤١﴾

وَلَئِنْ	زَالَتَا	إِنْ	أَمْسَكَهُمَا	مِنْ أَحَدٍ	مِنْ بَعْدِهِ	إِنَّهُ	كَانَ	حَلِيمًا	غَفُورًا
اور اگر وہ	ٹل جائیں	نہ	تھامے گا انہیں	کوئی بھی	اس کے بعد	بیشک وہ	ہے	حلم والا	بخشنے والا

اور اگر وہ ٹل جائیں تو انہیں اس کے بعد کوئی بھی نہیں تھامے گا ، بیشک وہ (اللہ) حلم والا، بخشنے والا ہے۔

وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ لَّيَكُوْنُنَّ اَهْدٰى

وَاَقْسَمُوْا	بِاللّٰهِ	جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ	لَئِنْ	جَآءَهُمْ	نَذِيْرٌ	لَّيَكُوْنُنَّ	اَهْدٰى
اور انہوں نے قسم کھائی	اللہ کی	اپنی سخت قسمیں	اگر	ان کے پاس آئے	کوئی ڈرانے والا	البتہ وہ ضرور ہوں گے	زیادہ ہدایت پانیوالے

اور انہوں نے (مشرکین مکہ نے) اللہ کی بڑی سخت قسمیں کھائیں کہ اگر ان کے پاس کوئی ڈرانے والا آئے وہ ضرور زیادہ ہدایت پانے والے ہونگے

مِنْ اِحْدَى الْاُمَمِ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ مَّا زَادَهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ﴿۴۲﴾

مِنْ اِحْدَى	الْاُمَمِ	فَلَمَّا	جَآءَهُمْ	نَذِيْرٌ	مَا	زَادَهُمْ	اِلَّا	نُفُوْرًا
ہر ایک سے	امت (جمع)	پھر جب	ان کے پاس آیا	ایک نذیر	نہ ان (میں) زیادہ ہوا		مگر سوائے	بدکنا

(دنیا کی) ہر ایک امت سے (بڑھ کر) پھر جب ان کے پاس ایک نذیر آیا تو ان میں بدکنے کے سوا (اور کچھ) زیادہ نہ ہوا۔

اِۨسْتِكْبَارًا فِى الْاَرْضِ وَمَكْرَ السَّيِّئِ ۗ وَلَا يَحِيْقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ اِلَّا بِاَهْلِهٖ ۗ

اِۨسْتِكْبَارًا	فِى الْاَرْضِ	وَ مَكْرَ	السَّيِّئِ	وَلَا يَحِيْقُ	الْمَكْرُ	السَّيِّئُ	اِلَّا	بِاَهْلِهٖ
اپنے کو بڑا سمجھنے کے سبب	زمین (دنیا) میں	اور چال	بری	اور نہیں اٹھتا (الٹا پڑتا)	چال	بری	صرف	اسکے کرنیوالے پر

دنیا میں اپنے آپ کو بڑا سمجھنے کے سبب اور بری چال (کے سبب)، اور بری چال (کا وبال) صرف اس کے کرنے والے پر پڑتا ہے

فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا سُنَّتَ الْاَوَّلِيْنَ ۚ فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۚ

فَهَلْ	يَنْظُرُوْنَ	اِلَّا	سُنَّتَ	الْاَوَّلِيْنَ	فَلَنْ تَجِدَ	لِسُنَّتِ اللّٰهِ	تَبْدِيْلًا
تو کیا	وہ انتظار کر رہے ہیں	مگر صرف	دستور	پہلے	سو تم ہرگز نہ پاؤ گے	اللہ کے دستور میں	کوئی تبدیلی

تو کیا وہ صرف پہلوں کے دستور کا انتظار کر رہے ہیں! سو تم اللہ کے دستور میں ہرگز کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے،

وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا ﴿۴۳﴾ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا

وَلَنْ تَجِدَ	لِسُنَّتِ اللّٰهِ	تَحْوِيْلًا	اَوَ	لَمْ يَسِيْرُوْا	فِى الْاَرْضِ	فَيَنْظُرُوْا
اور تم ہرگز نہ پاؤ گے	اللہ کے دستور میں	کوئی تغیر	کیا	وہ چلے پھرے نہیں	زمین (دنیا) میں	سو وہ دیکھتے

اور تم اللہ کے دستور میں ہرگز کوئی تغیر نہ پاؤ گے۔ کیا وہ دنیا میں چلے پھرے نہیں کہ وہ دیکھتے

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَكَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً ۗ

كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	وَكَانُوْٓا	اَشَدَّ	مِنْهُمْ	قُوَّةً
کیسا	ہوا	عاقبت (انجام)	ان لوگوں کا جو	ان سے پہلے	اور وہ تھے	بہت زیادہ	ان سے	قوت میں

کہ ان سے پہلے لوگوں کا انجام کیسا ہوا! اور وہ قوت میں ان سے بہت زیادہ تھے،

وَ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعْجِزَهٗ مِنْ شَيْءٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَ لَا فِي الْاَرْضِ ۭ

وَ مَا	كَانَ	اللّٰهُ	لِيُعْجِزَهٗ	مِنْ شَيْءٍ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَ لَا	فِي الْاَرْضِ
اور نہیں	ہے	اللہ	کہ اسے عاجز کر دے	کوئی شے	آسمانوں میں	اور نہ	زمین میں

اور اللہ (ایسا) نہیں کہ کوئی شے آسمانوں میں اس کو عاجز کر دے اور نہ زمین میں (کوئی شے اسے ہرا سکتی ہے

اِنَّهٗ كَانَ عَلِيْمًا قَدِيْرًا ﴿۴۴﴾ وَ لَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوْا مَا تَرَكَ

اِنَّهٗ	كَانَ	عَلِيْمًا	قَدِيْرًا	وَ لَوْ	يُؤَاخِذُ اللّٰهُ	النَّاسَ	بِمَا كَسَبُوْا	مَا تَرَكَ
بیشک وہ	ہے	علم والا	بڑی قدرت والا	اور اگر	اللہ پکڑ کرے	لوگ	انکے اعمال کے سبب	وہ نہ چھوڑے

بیشک وہ علم والا، قدرت والا ہے۔ اور اگر اللہ لوگوں کو ان کے اعمال کے سبب پکڑے تو وہ نہ چھوڑے

عَلٰى ظَهْرِهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّ لٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ

عَلٰى	ظَهْرِهَا	مِنْ دَآبَّةٍ	وَّلٰكِنْ	يُّؤَخِّرُهُمْ	اِلٰٓى	اَجَلٍ مُّسَمًّى	فَاِذَا	جَآءَ
پر	اس کی پشت	کوئی چلنے پھرنے والا	اور لیکن	وہ انہیں ڈھیل دیتا ہے	تک	ایک مدتِ معین	پھر جب	آجائے گی

کوئی چلنے پھرنے والا اسکی پشت (روئے زمین) پر، لیکن وہ انہیں ایک مدتِ معین تک ڈھیل دیتا ہے، پھر جب آجائے گی،

۵ ع ۴ ۱۷

اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِيْرًا ﴿۴۵﴾ ع

اَجَلُهُمْ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	بِعِبَادِهٖ	بَصِيْرًا
اُن کی اجل	تو بیشک	اللہ	ہے	اپنے بندوں کو	دیکھنے والا

اُن کی اجل (اُن کے اعمال کا بدلہ ضرور ملے گا) بیشک اللہ اپنے بندوں کو دیکھنے والا ہے۔

اٰیاتُها ۸۳ — (۳۶) سُوْرَةُ يٰسٓ مَكِّيَّةٌ (۴۱) — رُكُوْعَاتُها ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

يٰسٓ ﴿۱﴾ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳﴾ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴﴾

يٰسٓ	وَالْقُرْاٰنِ	الْحَكِيْمِ	اِنَّكَ	لَمِنَ	الْمُرْسَلِيْنَ	عَلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ
یٰسٓ	قسم ہے قرآن	باحکمت	بیشک آپؐ	رسولوں میں سے		پر	راستہ	سیدھا

یٰسٓ۔ قسم ہے باحکمت قرآن کی۔ بیشک آپؐ رسولوں میں سے ہیں۔ سیدھے راستہ پر ہیں۔

تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۙ⑤ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ⑥

تَنْزِيْلَ	الْعَزِيْزِ	الرَّحِيْمِ	لِتُنْذِرَ	قَوْمًا	مَا اُنْذِرَ	اٰبَآؤُهُمْ	فَهُمْ	غٰفِلُوْنَ
نازل کیا	غالب	مہربان	تاکہ آپؐ ڈرائیں	وہ قوم	نہیں ڈرائے گئے	انکے باپ (دادا)	پس وہ	غافل (جمع)

نازل کیا ہوا غالب، مہربان کا۔ تاکہ آپؐ اس قوم کو ڈرائیں، جس کے باپ دادا نہیں ڈرائے گئے، پس وہ غافل ہیں

لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ⑦ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ

لَقَدْ حَقَّ	الْقَوْلُ	عَلٰى	اَكْثَرِهِمْ	فَهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	اِنَّا جَعَلْنَا	فِيْ	اَعْنَاقِهِمْ
تحقیق ثابت ہوگئی	بات	پر	ان میں سے اکثر	پس وہ	ایمان نہ لائیں گے	بیشک ہم نے کئے (ڈالے)	میں	ان کی گردنیں

تحقیق ان میں سے اکثر پر (اللہ کی) بات ثابت ہوچکی ہے، پس وہ ایمان نہ لائیں گے۔ بیشک ہم نے ان کی گردنوں میں ڈالے ہیں

اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ⑧ وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ

اَغْلٰلًا	فَهِيَ	اِلَى	الْاَذْقَانِ	فَهُمْ	مُقْمَحُوْنَ	وَجَعَلْنَا	مِنْ	بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ
طوق	پھر وہ	تک	ٹھوڑیاں	تو وہ	سر اونچا کئے (سر اُٹھائے ہوئے ہیں)	اور ہم نے کردی	سے	ان کے آگے

طوق، پھر وہ ٹھوڑی تک (اَڑ گئے ہیں) تو ان کے سر اُٹھائے رہے ہیں۔ اور ہم نے کردی ان کے آگے

سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ⑨ وَسَوَآءٌ

سَدًّا	وَ	مِنْ خَلْفِهِمْ	سَدًّا	فَاَغْشَيْنٰهُمْ	فَهُمْ	لَا يُبْصِرُوْنَ	وَسَوَآءٌ
ایک دیوار	اور	ان کے پیچھے	ایک دیوار	پھر ہم نے انہیں ڈھانپ دیا	پس وہ	دیکھتے نہیں	اور برابر

ایک دیوار اور ان کے پیچھے ایک دیوار، پھر ہم نے انہیں ڈھانپ دیا، پس وہ دیکھتے نہیں۔ اور برابر ہے

عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ⑩ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ

عَلَيْهِمْ	ءَاَنْذَرْتَهُمْ	اَمْ	لَمْ تُنْذِرْهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	اِنَّمَا	تُنْذِرُ	مَنِ
ان پر۔ ان کے لئے	خواہ تم انہیں ڈراؤ	یا	تم انہیں نہ ڈراؤ	وہ ایمان نہ لائیں گے	اس کے سوا نہیں	تم ڈراتے ہو	جو

ان کے لئے خواہ تم انہیں ڈراؤ یا نہ ڈراؤ، وہ ایمان نہ لائیں گے۔ اس کے سوا نہیں کہ تم (اس کو) ڈراتے ہو جو

اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ⑪

اتَّبَعَ	الذِّكْرَ	وَخَشِيَ	الرَّحْمٰنَ	بِالْغَيْبِ	فَبَشِّرْهُ	بِمَغْفِرَةٍ	وَاَجْرٍ	كَرِيْمٍ
پیروی کرے	کتاب نصیحت	اور ڈرے	رحمٰن (اللہ)	بن دیکھے	پس اسے خوشخبری دیں	بخشش کی	اور اجر	اچھا

کتاب نصیحت کی پیروی کرے۔ اور بن دیکھے اللہ سے ڈرے، پس آپؐ اسے بخشش اور اچھے اجر کی خوشخبری دیں۔

اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۭ وَكُلَّ شَيْءٍ

اِنَّا نَحْنُ	نُحْيِ	الْمَوْتٰى	وَنَكْتُبُ	مَا قَدَّمُوْا	وَاٰثَارَهُمْ	وَكُلَّ	شَيْءٍ
بیشک ہم	زندہ کرتے ہیں	مردے	اور ہم لکھتے ہیں	جو انہوں نے آگے بھیجا (عمل)	اور انکے اثر (نشانات)	اور ہر	شے

بیشک ہم مُردوں کو زندہ کرتے ہیں، اور ہم لکھتے ہیں ان کے عمل جو انہوں نے آگے بھیجے اور جو انہوں نے پیچھے (آثار) چھوڑے۔ اور ہر شے کو

اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿١٢﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ

اَحْصَيْنٰهُ	فِيْٓ	اِمَامٍ مُّبِيْنٍ	وَاضْرِبْ	لَهُمْ	مَّثَلًا	اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ	اِذْ
ہم نے اسے شمار کر رکھا ہے	میں	کتاب روشن (لوحِ محفوظ)	اور بیان کریں آپ	انکے لئے	مثال (قصہ)	بستی والے	جب

ہم نے لوحِ محفوظ میں شمار کر رکھا ہے۔ اور آپ ان کے لئے بستی والوں کا قصہ بیان کریں، جب

جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿١٣﴾ اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ

جَآءَهَا	الْمُرْسَلُوْنَ	اِذْ	اَرْسَلْنَآ	اِلَيْهِمُ	اثْنَيْنِ	فَكَذَّبُوْهُمَا	فَعَزَّزْنَا	بِثَالِثٍ
ان کے پاس آئے	رسول (جمع)	جب	ہم نے بھیجے	ان کی طرف	دو	تو انہوں نے جھٹلایا انہیں	پھر ہم نے تقویت دی	تیسرے سے

ان کے پاس رسول آئے۔ جب ہم نے ان کی طرف دو (رسول) بھیجے تو انہوں نے انہیں جھٹلایا، پھر ہم نے تیسرے سے تقویت دی

فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ﴿١٤﴾ قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ

فَقَالُوْٓا	اِنَّآ	اِلَيْكُمْ	مُّرْسَلُوْنَ	قَالُوْا	مَآ اَنْتُمْ	اِلَّا	بَشَرٌ	مِّثْلُنَا	وَمَآ
پس انہوں نے کہا	بیشک ہم	تمہاری طرف	بھیجے گئے	وہ بولے	تم نہیں ہو	مگر محض	آدمی	ہم جیسے	اور نہیں

پس انہوں نے کہا بیشک ہم تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں۔ وہ بولے تم محض ہم جیسے آدمی ہو، اور نہیں

اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ﴿١٥﴾ قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ

اَنْزَلَ	الرَّحْمٰنُ	مِنْ شَيْءٍ	اِنْ	اَنْتُمْ	اِلَّا	تَكْذِبُوْنَ	قَالُوْا	رَبُّنَا	يَعْلَمُ	اِنَّآ
اُتارا	رحمٰن (اللہ)	کچھ	نہیں	تم	مگر محض	جھوٹ بولتے ہو	انہوں نے کہا	ہمارا پروردگار	جانتا ہے	بیشک ہم

اتارا اللہ نے کچھ بھی، تم محض جھوٹ بولتے ہو۔ انہوں نے کہا ہمارا پروردگار جانتا ہے، بیشک ہم

اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ﴿١٦﴾ وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿١٧﴾ قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا

اِلَيْكُمْ	لَمُرْسَلُوْنَ	وَمَا	عَلَيْنَآ	اِلَّا	الْبَلٰغُ	الْمُبِيْنُ	قَالُوْٓا	اِنَّا تَطَيَّرْنَا
تمہاری طرف	البتہ بھیجے گئے	اور نہیں	ہم پر	مگر	پہنچا دینا	صاف صاف	وہ کہنے لگے	ہم نے منحوس پایا

تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں۔ اور ہم پر (ہمارے ذمے) نہیں مگر (صرف) صاف صاف پہنچا دینا۔ وہ کہنے لگے ہم نے بیشک منحوس پایا

بِكُمْ ج لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۸﴾

بِكُمْ	لَئِنْ	لَّمْ تَنْتَهُوْا	لَنَرْجُمَنَّكُمْ	وَلَيَمَسَّنَّكُمْ	مِّنَّا	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ
تمہیں	اگر	تم باز نہ آئے	ضرور ہم سنگسار کر دیں گے تمہیں	اور ضرور پہنچے گا تمہیں	ہم سے	عذاب	دردناک

تمہیں، اگر تم باز نہ آئے تو ہم تمہیں ضرور سنگسار کر دیں گے اور تمہیں ہم سے دردناک عذاب ضرور پہنچے گا۔

قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ط اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ط بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۱۹﴾

قَالُوْا	طَآئِرُكُمْ	مَعَكُمْ	اَئِنْ	ذُكِّرْتُمْ	بَلْ	اَنْتُمْ	قَوْمٌ	مُسْرِفُوْنَ
انہوں نے کہا	تمہاری نحوست	تمہارے ساتھ	کیا	تم سمجھائے گئے	بلکہ	تم	لوگ	حد سے بڑھنے والے

انہوں نے کہا تمہاری نحوست تمہارے ساتھ ہے کیا تم (اس کو نحوست سمجھتے ہو) کہ تم سمجھائے گئے ہو، بلکہ تم حد سے بڑھنے والے لوگ ہو۔

وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۰﴾

وَجَآءَ	مِنْ	اَقْصَا	الْمَدِيْنَةِ	رَجُلٌ	يَّسْعٰى	قَالَ	يٰقَوْمِ	اتَّبِعُوْا	الْمُرْسَلِيْنَ
اور آیا	سے	پرلا سرا	شہر	ایک آدمی	دوڑتا ہوا	اس نے کہا	اے میری قوم	تم پیروی کرو	رسولوں کی

اور شہر کے پرلے سرے سے ایک آدمی دوڑتا ہوا آیا، اس نے کہا اے میری قوم! تم رسولوں کی پیروی کرو۔

اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۱﴾

اتَّبِعُوْا	مَنْ	لَا يَسْـَٔلُكُمْ	اَجْرًا	وَهُمْ	مُهْتَدُوْنَ
تم پیروی کرو	جو	تم سے نہیں مانگتے	کوئی اجر	اور وہ	ہدایت یافتہ

تم ان کی پیروی کرو، جو تم سے کوئی اجر نہیں مانگتے، اور وہ ہدایت یافتہ ہیں۔